کلی غزل حافظ ازحیث انتخاب الفاظ و ترکیبات و بحور و قوافی و ردیف وتراش و تزیین کلمات موسیقی وهم آهنگی و امتزاج معانی و زبان معراج غزل فارسی است. صدها شاعر در ایران و هند و پاکستان کوشیده اند که آن طایر لاهوتی را که آزاد و بی پروا در زیر آسمان ها و بر بالای آسمان های بی حدو حصر در پرواز است. دنبال کنند. اما پروبال آنها یاری نکرد و بعداز جهش هایی کوتاهی در هواوفضای حافظ به سطح خود بازگشت نمودند. اما حساب علامه اقبال جداست. اقبال با کمال عقیدت اعتراف کرده است که هنگام نزول شعر فارسی احساس کرده که روح پر برکت حافظ در وجود اوحلول میکند و نوای شیراز از وی بلندمی شود و گوید:

عجب مدار زسر مستیم که پیر مغان
قبای ندی حافظ به قامت من دوخت

اما در طرز و روش قطع و دوخت و دوز "قبا" تجدید شده است. چنان که گفتم اقبال را یکی از بزرگترین و وارسته ترین غزل سرا و صاحب سبک مخصوص بخود در زبان فارسی می دانم. او شاگرد حافظ و مقلد حافظ است ولی در عین حال "جهانی تازه پیدا کرده است عرض فغانی را" جهان حافظ هرچه زیبا باشد، اقبال در جستجو و تخلیق جهان تازه ای می باشد.

فروغ آدم خاکی زتازه کاری هاست
مه و ستاره کنند آنچه پیش ازین کردند
چراغ خویش بر افروختم که دست کلیم
درین زمانه نهان زیر آستین کردند

و در غزل دیگر:

طرح نو افکن که ما جدت پسند افتاده ایم
این چه حیرت خانهٔ امروز و فردا ساختی

اشعار اقبال و حافظ را مخلوط هم کردم.

ساقیا بر جگرم شعله نمناک انداز
باز آشوب قیامت به کف خاک انداز
بزم در کشمکش بیم و اُمید است هنوز
همه را بی خبر از گردش افلاک انداز
عاقبت منزل ما وادی خاموشان است
حالیه غلغله در گنید افلاک انداز

و در کاسه زر آب طربناک انداز پیشتر زانکه شود کاسه سر خاک انداز.

و از غزل دیگر که اقبال به تتبع غزل معروف حافظ دارد:

کنون که درچمن آمد گل از عدم بوجود الخ از این دو بیت را خواندم:

گمان مبرکه سر شتند در ازل گل ما
که ماهنوز خیالیم در ضمیر وجود
نظر بخویش فروبسته را نشان این است
دگر سخن نسراید زغایب و موجود

استادان دانشگاه تهران دکتر رضا زاده شفق و دکتر صورتگر و صادق سرمد ورهی معیری و دکتر حسین خطیبی که در محضر شان ابیات فوق را خواندم یك زبان گفتند که ما قبول درایم که اقبال از حافظ ملهم شده، ولی زبان و بیان حافظ است که رنگ وبوی و روح عصراتم را گرفته است. من بسیار مایل بودم که اقبال را حافظ عصر بگویم نوای حافظ شیراز از تمام وسایل ارتباط جمعی، یعنی از انجمن های ادبی وحتی تا گوشه های دهات دور دست شنیده می شد. آقای دشتی گفت: بعد از قرآن مجید پرفروش ترین کتاب در ایران دیوان حافظ ابست و من جسارت نکردم که دیوان غزلیات اقبال را دیوان حافظ قرن بیستم بخوانم.

امروز که به علت مقبولیت کلیات اشعار فارسی اقبال که شامل مثنویات و غزلیات و قطعات و ترانه و اشعار دیگر است چندین بار چاپ شده و ده ها کتاب و مقاله در تفسیر آثار اقبال مرتب چاپ و منتشر می شود. کتاب "غزل فارسی اقبال" بسیار مناسب و ضرورت وقت است. دراین کتاب مصنف برای اولین بار جامع ترین شاعر فارسی را با بهترین غزل سرایان ایران و هند مقایسه و مقابله کرده مقام اقبال را مشخص و متعین نموده است. حکم مشیت خداوند کریم است که کتاب بی نظیری که غزل بی مانند اقبال را شایسته ترین معرف اقبال، پروفسور میرزا محمد منور، آن را تهیه و تد وین کرده توسط یك دانشور ایرانی به فارسی برگردانده شده، و به خدمت هم میهنان حافظ و سعدی و مولوی تقدیم می گردد و شعر اقبال که مظهر شعر قدیم و کلاسیك، و درعین حال از شعر جدید فارسی، تازه تراست، به وطن اصلی خود باز می گردد، اگر درِ پاکستان برویش بسته شد، درِ ایران باز است و ایرانیان صاحب دل و صاحب دانش این میوه به کمال رسیده کشتزار معنوی هزار ساله را با آغوش باز می پذیرند.

به منظور حفظ ارتباط و ارتقاءِ روابط بایدیاد آوری کنم که من با اطمینانِ خاطر اقبال را ازحیث مقلد و مرید مولوی در نخستین مقالات و سخنرانی های خود معرفی کردم و کتابی زیر عنوان "رومی عصر" برای نشان دادن مماثلت و مشابهت بین مثنوی مولوی و مثنوی اقبال تدوین کردم وباهمه تشویق و تعریف و توصیف که استادان مانند استاد نفیسی وحسین خطیبی، دکتر صورتگر، و شعرایی مانند صادق سرمد ورهی معیری از غزل اقبال فرمودند، جرات نکردم مقاله ای درباره غزل اقبال در این کتاب شامل کنم. چاپ کتاب به پایان رسیده بود. دوست بسیار صمیمّی من رهی معیری بمن خاطر نشان ساخت که مقصود مقایسه و مقابله با حافظ نیست، اقبال مورد توجه اهل علم و عرفان قرار گرفته و در افکار و نظریات عصر حاضر تاثیر بسزایی داشته است. غزل اقبال باحفظ روح عرفان و نغمگی حافظ رنگ و

آهنگ جدید و مشخصی بخود گرفته است. باید ادبا و شعرای جوان درس نوجویی و نوسازی در قالب کلاسیک از غزل اقبال یادبگیرند و اختلاف قدیم و جدید را به پیروی اقبال حل نمایند.

من نظر مقبول ترین غزل سرای ایرانی معاصر (رهی معیری) را قبول کردم و ازمیان غزل هایی که در مجالس شعر و ادب تهران در حضور اساتید قرأت کرده بودم، تعدادی غزل انتخاب کردم و با مقدمه و توضیح مختصری در آخر کتاب "رومی عصر" ضمیمه کردم چه خوب می بود اگر عنوان این ضمیمه را "حافظ عصر" می گذاشتم ولی مناسب ندیدم و جسارت نکردم.

"رومی عصر" نخستین کتاب راقم به زبان فارسی که پر فروش و مقبول ترین کتاب سال ۱۹۵۳ بود، زیرگرد فراموشی پنهان است. امروز برای استقبال تصنیف ازرنده "غزل فارسی اقبال" قسمتی از فصل "غزل گویی اقبال را دراین جانقل می کنم.

این حرف تازه ای نیست بلکه به ۳۵ سال پیش بر می گردد: چاپ کتاب نزدیك به اتمام بود که دوست بسیار صمیمی من رهی معیری که در غلط گیری متن چاپی به من کمك میکرد با تعجب و حیرت به من گفت چرا فصلی در باره بهترین و شیرین ترین شعر اقبال ننگاشته ای: گفتم: که ازنظر عموم ادبای ایران ترس داشتم و باهمه علاقه ایکه به غزل اقبال و مقام شعر اقبال دارم، نتوانستم. این کار را انجام دهم.

غزل گویی اقبال: رو می عصر چاپ دوم صفحه ۲۷٤

در غزل اقبال ما امتزاج سه سبک معروف شعر ایران (سبك عراقی سبك خراسانی و هندی) را می بینیم. ولی چیزی که سبك مخصوص اقبال را بوجود آورده است. تازه فکری و ترکیب اصطلاحات جدید و نفوذ افکار و طرز بیان متفکرین مغرب می باشد، اقبال بدون اینکه روحیه مشرق را از

دست بدهد سالم ترین و جالب ترین صفات ادبیات جدید مغرب را کسب کرده و این امر بر محبوبیت شعر و فکرش در مشرق و مغرب افزده است. نه تنها سبک های مخصوص ایران، بلکه طرز فکر مشرق و مغرب را با هم پیوند داده و وحدت ویگانگی معنوی قدیم و جدید و همچنین مادیات و معنویات را بطور احسن بوجود آورده و درست تشخیص داده است که

شرق حق را دید و عالم راندید
غرب در عالم خزید از حق رمید

و دریکی از غزلیات خود می گوید:

بگذر از خاور و افسونی افرنگ مشو
که نیرزد بجوی، این همه دیرینهٔ و نو

اقبال از تار و پود، دیرینه و نو به ارتقای فکر و نظر و تمایلات و احتیاجات روز افرون بشر زمینه تازه ای بوجود آورده است.

بسواد دیده تو نظر آفریده ام من
به ضمیر تو جهانی دگر آفریده ام من
همه خاوران بخوابی، که نهان زچشم انجم
بسرود زندگانی سحر آفریده ام من

چیزیکه توجه شعرا و ادبای ایران را جلب کرده است این است که شعر اقبال به سبک هندی کم شباهت دارد.

اقبال سوز و گداز و صمیمیت و خلوص بیان را بر باریک خیالی و سنایع شعری ترجیح می دهد: میگوید.

اگرچه زاده هندم فروغ چشم من است
زخاک پاک بخارا و کابل و تبریز

مرابنگر که درهندوستان دیگر نمی بینی
برهمن زاده ای رمز آشنای روم و تبریز است

اقبال بجای ظواهر زیبا در جستجوی سوز و حرارت و عرفان بزرگان ایران می باشد: این اقتباس برای حفظ رابطه تاریخ شناسایی اقبال و غزل اقبال (که درس فلسفه می داد و عشق می ورزید.) درج گردیده است.

سؤ تفاهم درباره زبان فارسی- سی سال قبل موقعی که از ایران برگشتم و مدیریت مجله فارسی هلال را به عهده گرفتم، دیدم که بتدریج زبان فارسی اهمیت سابق را از دست می دهد و این فکر رواج پیدا کرده است که زبان سعدی و رومی و حافظ در ایران متروك شده و زبان شعر و ادب معاصر ایران کاملاً عوض شده است. و این زبان و ادبیات جدید به درد دانشجویان فارسی نمی خورد. من مقالات مسلسل از نویسندگان معاصر ایران، محمد حجازی، فرامرزی، خطیبی و اقتباساتی از اشعار ملك الشعرا بهار، سرمد، رهی معیری توللی، دکتر کاسمی برای رفع این سوء تفاهم منتشر نمودم و در مدت چهل روز به دستور مدیر کل تعلیمات متوسطه آقای دکتر محمد افضل که بعداً بمقام وزیر فرهنگ ارتقاءِ یافت، کتاب شعر فارسی معاصر، شامل اشعار ۱۷ شاعر تالیف نمودم.

و این کتاب از ۱۹۵۵ تا ۱۹۶۰ جزو نصاب فارسی بود.

نمی دانم دولت مرکزی چه تصمیمی درمورد تدریس فارسی گرفت اما می بینم که بتدریج زبان اقبال و سعدی و رومی، ازنصاب تعلیم دبیرستان خارج شد.

اکنون اقبال در سر تاسر ایران قهرمان نهضت اسلامی است. می- بینیم که تحریك انقلاب اسلامی که با ترویج کلام و پیام اقبال توسط ملك الشعراء بهار، علامه دهخدا ، استاد نفیسی احمد سروش، سید غلام رضا سعیدی، به دکتر علی شریعتی رسید به دست راهبران بزرگ جمهوری

اسلامی به اوج رسیده و آثار اقبال از طرف دولت اسلامی جزو برنامه تدریس ادبیات فارسی در آمده و ملت اسلامی ایران به آثار و شرح احوال اقبال بیش از پیش توجه و علاقه بخرج می دهند.

مشیت خداوندی یکبار دیگر بمساعدت کرده بزرگترین مفسر و عقیدتمند اقبال کتاب بی نظیر غزل فارسی اقبالؒ را تدوین نموده ویك خانم بسیار با ذوق ایرانی اقبال شناس این کتاب را به فارسی بسیار روان وشیرین ورسا برگردانده و بدین وسیله اقبال بخانه اصلی خود بازگشته است. این را به فال نیك می گیرم و امید وارم که خداوند بزرگ بماتوفیق عنایت فرماید که این مواریث گرانبهای هزار ساله اسلامی را حفظ و اشاعه دهیم و خوشحالم که امروز پیام و کلام اقبال در ایران بسیار مورد توجه قرار گرفته و شریعتی ها و مطهری ها و خامنه ای ها چه از منبر و چه از مکتب در ترویج کلام او کوشاهستند. بحمدالله چشم حقیقت بین بزرگان معاصر ایران پرده فریب و ریا را کنار زده است و چشم ما روشن و دل ماشاد شده است. من از کودکی ایران را که سرچشمه ایمان و ایقان بزرگان من بوده، دوست داشته ام. روزیکه متحدین به ایران تجاوز کردند اشك ریختم چه در دوران بردگی انگلیس وچه بعد از قیام پاکستان به هر نحوی که در اختیار من بود سعی کردم که بر ملت ایران وزبان مشترك ایران و پاکستان خدمت کنم. از زبان اقبال برای ایرانیان تجلیل می کردم و از آینده درخشان این کشور بزرگ نوید می دادم. ایرانیان با آغوش باز، به الفاظ علامه علی اکبر دهخدا، از این داهی مشرق و شاگرد حضرت جمال الدین اسد آبادی، استقبال کردند، و نخستین مرتبه کلیات فارسی اقبال با حواشی و اشاریه در ایران چاپ شد: خداوند تعالی می خواست که زان پیشتر که بانگ برآید که عرفانی آن عاشق ایران و نخستین معرف اقبال در ایران چشم خود را برای همیشه به ببندد آفتاب اقبال را در آسمان تبریز و شیراز درخشان تر ببیند. نمی دانم چطور و بچه زبان از خانم مقدم شهین صفیاری تشکر کنم که ایشان شرح احوال آثار اردوی اقبال را به فارسی

ترجمه می کنند، و هنگامی که زبان اقبال را از کشور رویایی او خارج می کنند، ایشان به کمک آقای پروفسور میرزا وعده ای از دوستداران مخلص اقبال و فارسی شتافته اند. من از این وضع رنج می برم. اما اُمیدوارم که یکبار دیگر اقبال با آب و تاب تازه ای به پاکستان بر گردد وهمان طوز که در مثنوی خود گفته ام همه آثار اقبال ازین نرفته است.

اخگری در زیر خاکستر بجاست:

و لوکه باد حادثه اینجا وزد

اخگری خوابیده شعله ور شود

وجود امثال میرزا محمد منور، دکتر وحید قریشی، دکتر محمد اکرم، دکتر آفتاب اصغر، دکتر محمد ریاض و دکتر صدیق شبلی وعده ای دیگر ازهمکاران ایشان مرا از نا امیدی کامل درباوه زبان اقبال در پاکستان می رهاند و کوشش بزرگان دولت جمهوری اسلامی ایران که علاقه بی مانند وبی سابقه ای در ترویج و توزیع آثار اقبال بخرج می دهند، دوام آثار اقبال را تضمین و تامین می کند. انشاالله.

دعاگو

خواجه عبدالحمید عرفانی

عرفانی در سال ۱۹۴۵ میلادی از طرف حکومت انگلیسی شبه قاره هند در مشهد مأموریت یافت وتا سال ۱۹۴۷ در این مقام باقی بود و از آن جایی که روح او روح پیوند فرهنگ های اصیل شرق بود اولین انجمن ادبی اقبال را در خانه خویش بنام "بزم اقبال" تشکیل داد.

پس از تأسیس کشور اسلامی پاکستان، عرفانی در سال ۱۹۴۹ میلادی به نام نخستین وابسته مطبوعاتی پاکستان روانه ایران شد، نقش او درشناساندن پاکستان و رهبران آن قائد اعظم و اقبال قابل تقدیر است. در

سال ۱۹۵۵ میلادی به پاکستان بازگشت وسر پرستی مجله ادبی هلال به او محول گردید. در سال ۱۹۵۶ میلادی دوباره به ایران رفت وخدمات ارزنده ای درراه گسترش روابط فرهنگی ایران و پاکستان و محکم نمودن پیوند های دوستی میان دو کشور انجام داد. اوهشتادواندی سال زیست و در ۲۰ اسفند ۱۳۶۸ (۱۱ مارچ ۱۹۹۰) دیده از جهان فروبست. در حالی که بیشتر عمر پر افتخار خود را صرف شناساندن اقبال نمود.

وی اولین کسی است که رساله دکتری خود را به فارسی نگاشته و در سال ۱۹۵۶ میلادی از دانشگاه پنجاب به اخذ درجه دکترای ادبیات فارسی نایل آمده است.

اجداد عرفانی مانند مرادش اقبال از کشمیر بودند و او به آنها افتخار کرد.

من زکشمیر و خاک پاکستان
ارمغانی برای ایرانم
این بود افتخار جاویدم
در زبان تو من غزل خوانم
خواجه عبدالحمید عرفانی
عاشق خاک پاک ایرانم

وقتیکه ترجمه "ایقان اقبال" کتابی درباره فکر و فلسفه اقبال نوشته پرفسور منور را به اتمام رساندم از عرفانی خواستم سخنی درباره ایقان هم بگوید، گرچه حالش چندان مساعد نبودولی روی مرابر نگرداند و آنچه گفت یکدنیا حرف داشت. سخن آخرش دلم را لرزاند، زیرا احساس کردم حرف پایانی بیان کرد.

و این هم سخنی درباره کتاب ایقان اقبال از دکتر خواجه عبدالحمید عرفانی:

"ایقان اقبال را باید یکی از بهترین نوشته ها درباره افکار و تصورات علامه محمد اقبال دانست که با قلم توانای پروفسور محمد منّور به رشته تحریر در آمده است.

مشیت الهی چنین حکم کرده بود که بعد از گذشت . ۵ سال از وفات اقبال چنین اثر ارزنده ای را چنین شخص صدیق و عالمی بیاید و اندیشه این بزرگ مرد انقلابی جهان اسلام را که مشعل جان و فروغ کلامش به آتش عشق الهی روشن و به طراوت تعهد اسلامی و تفکر دینی و عرفانی عطر اگین داست، منتشر نماید، ذوق شاعری و روح محققانه ایشان را در ایقان اقبال به وضوح می توان مشاهده کرد. ایقان اقبال را به معنای دیگر ایمان اقبال باید نامید. این کتاب درباره فکر و فطرت و عقاید اقبال اهمیت اساسی دارد.

همانطوریکه قبلاً در مقدمه کتاب غزل فارسی اقبال گفتم، آن کتاب بهترین نقاوه و خلاصه سبك و پیام اقبال به زبان شعر است و مقایسه اقبال با خداوندگاران غزل فارسی مخصوصاً حافظ شیرازی فصل جالب کتاب را تشکیل می دهد. وقتی که رومی عصرً را می نوشتم درباره اقبال در راه مرشد روحانی خویش مولانا سخن گفتم. البته تردید کردم که درباره غزل فارسی اقبال و قیاس آن با غزل سرایی چون حافظ شیرازی صحبت کنم، ولی خدا را شکر که سر انجام این کار بدست میرزا محمد منّور انجام گردید.

من قبلاً درباره ترجمه فارسی "غزل فارسی اقبال" که توسط خانم دکتر شهین مقدم منتشر و بین عقیدتمندان اقبال مقبولیت حاصل کرده است، سخن گفته ام، ایشان مطالب را طوری ترجمه و به رشته تحریر در آورده اند که اثر شیرین را شیرین تر ساخته اند. درباره ترجمه ایقان اقبال هم به جرأت می توانم بگویم که ایشان با همان تبحر در علم و دانش و بصیرت وجدانی که در تالیفات دیگرشان نشان داده اند، ایقان اقبال را هم به بهترین وجهی بازبان ساده و رسابه علاقمندان فکر اساسی اسلام و مخلصین اقبال عرضه داشته اند.

در حقیقت می توانم بگویم که دکتر شهین مقدم با این کار خدمت بزرگی برای نزدیک کردن افکار شرق و غرب (اسلامی وغیر اسلامی) نموده اند. علی الخصوص برای آگاهی فارسی زبانان اندیشه این مصلح شرق را که با خامه پروفسور محمد منّور به رشته تحریر در آمده است روشن و واضح ساخته اند. زبانم دیگر الکن گشته و فکرم با نسیان پیری متزلزل و مضمحل شده است و این سخن را که ممکن است از آخرین گفته های من باشد با شعری که منسوب به مولوی است پایان می دهم.

هست باقی شرح لیکن اندرون
بسته شد دیگر نمی آید برون
باقی این گفته آید بی زبان
در دل آنکس که دارد نور جان

(ژانویه-۱۹۸۸)

در حقیقت هر ایرانی اقبال شناس عرفانی را می شناسد، وچه خوش گفت:

چو عرفانی سراید نغمه عشق
صدای آشنا آید به گوشم

(رهی معیری)

به راستی من "اقبال" را با "عرفانی" و عرفانی را با اقبال شناختم.

هر چند جسم خاکی عرفانی ایران دوست که برای معرفی اقبال مجاهدتی ایثارگرانه کرد و نوشته ها و گفته هایش بیشتر درباره اقبال و ایران بود، در این جهان نیست، ولی روح پیر فتوح او همیشه نگران پیوند های معنوی میان دو ملت مسلمان ایران و پاکستان است. روحش شاد.

*****

ڈاکٹر خواجہ عبدالحمید عرفانی

اقبال کا ایران میں اثر

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ صدھا سال قبل اسلامی ایران کے معنوی و ادبی و ثقافتی سرچشموں سے بیشمار ندیاں برصغیر ھند و پاکستان كي جانب جاری ہوئیں اور یہ وسیع خطۂ خاک اس نئے آب حیات سے سیراب ہوتا رہا۔

اس دل انگیز موضوع پر سینکڑوں کتابیں اور ہزاروں مقالے اور نظمیں لکھی جا چکی ہیں۔ یہاں ہم علامہ اقبال کی ایک مشہور غزل سے، جس میں انہوں نے اہل ایران سے خطاب کرتے ہوئے مذکورہ حقائق كي یاد آوری کی ہے، صرف دو شعر نقل کرتے ہیں، بزرگان ایران سے اپنے کسب فیض و استفادہ کرتے ہوئے کہتے ہیں:

فکر رنگینم کند نذر تهی دستان شما
پاره لعلی که دارم از بدخشان شما
حلقه گرد من زنید ای پیکران آب و گل
آتشی در سینه دارم از نیاگان شما

اس مقالے میں یہ پیش کرنا مقصود ہے کہ ایرانِ معاصر کے صاحبدلوں نے اپنے بزرگوں کے اس نوروحرارت کا، جو کئی سو سال گذر جانے کے بعد علامہ اقبال کے ذریعے ایک جدید رنگ و روپ اور نئے حالات

ںیں ان تک پہنچا، کیسے استقبال کیا۔ باالفاظ دیگر اس مقالے کا موضوع ایران کی ادبی و عرفانی نوا کی وہ صدائے باز گشت ہے جو اقبال کے کلام و پیام کی شکل میں اپنے سر چشمہ الہام یعنی ایران میں پھر سے طنین انداز اور وہاں کی ادبی، علمی، ثقافتی اور دینی محافل میں مقبول ہوئی۔ یہ امر واقع ہے کہ بہت سے اہل دل اور اہل ذوق ایرائیوں کو شاعر پاکستان کے کلام میں اپنے ہی نیاگان کے چہرے نظر آنے لگے۔ ایران کے بلند پایہ شعرا اور ادبا نے حس طرح جو اقبال کا بے نظیر استقبال کیا ہے، اس کے متعلق یہ پیش کرنا مقصود ہے کہ بعض قادر الکلام شعرا نے نہ صرف اقبال کے کلام کی تعریف و تمجید کي بلکہ اس کے مخصوص فلسفیانہ دینی و ادبی نظریات کی تشریح اور اس کے طرز بیان کی پیروی میں اشعار بھی لکھے ہیں:

استاد نفیسی کا تأثر

> *استاد سعید نفیسی مرحوم نے اپنے ایک مقالے میں کہا ہے کہ "مدت دراز سے ایران کے اہل تصوف و معرفت شعرا کے طرز کلام کی پیروی نہیں کی گئی، لیکن اقبال نے اپنی توجہ اس مشکل اور متروک کام کی طرف مبذول کی اور اس طرح فارسي شاعری میں ایک نئے باب کا اضافہ ہوا"۔*

ہم اقبال کے متعلق اہل ایران کے پر محبت عکس العمل کو دیکھ کر محسوس کرتے ہیں کہ ان کی نظر میں و بعد زمان و مکان کے باوجود اقبال کی آواز "صدائے آشنا" تھی اور آشنا بھی ایسی کہ بقول شاعر و دانشمند آذربائیجان کاظم رجوی، اقبال میں مولوی و سعدی و حافظ کی تجلی نظر آتی ہے اور یہ اہل علم و معرفت شاعر، دیگر شعرا کو بھی اقبال کی پیروی کرنے کی تلقین کرتا ہے:

شاعران را باید از اندیشۂ او پیروی
تا بیاد آید ز اقوالش همه افعال او
شرقیان را باید از شاعر چو پاکستان سپاس
تا همه راهی به پیمانید بر منوال او

ایران معاصر میں اقبال کے متعلق عصر حاضر کے معروف ترین شاعر، صحافی اور ادیب سیاستمدار ملک الشعرا محمد تقی بہار سے لے کر آقای علی خدائی (دور افتادہ شہر زاھدان کے ایک پیرانہ سال گمنام معلم) تک بہت کچھ لکھا اور کہا جا چکا ہے۔ یہاں ایران کے چند منتخب ادبا و شعرا سے فقط ایسے اقتباسات نقل کئے جاتے ہیں جن سے یہ ظاہر ہوسکے کہ اقبال کے فکر و نظر اور اس کے کلام کا اس وسیع ملک کے ادبی، علمی اور دینی حلقوں پر کیا اثر پڑا اور اسے کیا مقبولیت حاصل ہوئی۔

ملک الشعرا بہار پر اقبال کا اثر

سر زمین ایران میں اقبال کو سب سے بڑھ کر جس نے خراج تحسین پیش کیا وہ ملک الشعرا بہار تھا۔ اسی نے عصر حاضر کو اقبال کی ذات سے منسوب کیا اور کہا کہ اقبال کا کلام شاعری کی ہر قسم کی عالی صفات سے متصف ہے۔ بہار کا یہ شعر ایران میں ضرب المثل ہو چکا ہے۔

هیکلی گشت از سیخنگوئی بپا
گفت "کل الصید فی جوف الفرا"

بہار نے اقبال کی تعریف و تمجید تک ہی اکتفا نہیں کی بلکہ اقبال کے طرز کلام کی بہ نسبت اس کے آزادی بخش اور روح پرور، پیغام، سے کہیں زیادہ متاثر ہوا ہے۔

اب ہم بہار کے مشہور منظوم خطابہ "خطاب بہ هند" سے کچھ اقتباس پیش کرتے ہیں، ان اشعار میں پہلے تو بہارنے اقبال کو بحیثیت

شاعر خراج تحسین پیش کیا ہے پھر اس کے چند اشعار پر تضمین ہے (یہ پہلی تضمین ہے جو کسی ایرانی شاعر نے اقبال کے کلام پر کی ہے) اور بعد میں بہار کے وہ اشعار درج ہیں جو اس نے اقبال کی پیروی میں کہے ہیں۔

برصغیر پاک و ہند میں شعر فارسی کی مختصر تاریخ بیان کرنے کے بعد اقبال کے طلوع کا بہاریوں ذکر کرتے ہیں:

بیدلی گر رفت اقبالی رسید
بے دلان را نوبت حالی رسید
هیکلی گشت از سخنگوئي بپا
گفت "کل الصید فی جوف الفرا"
عصر حاضر خاصه اقبال گشت
واحدی کزصد هزاران بر گذشت
شاعران گشتند جیشی تار و مار
وین مبارز کرد کار صد سوار

اس کے بعد اقبال کی تعلیمات اور طرز سخن کی طرف متوجہ ہوتے ہیں:

نکته ای گویم سخن کوتاه کنم
خاطر پاک تو را آگه کنم
شمه ای از حال و استقبال تو
هان نه من گویم که گفت اقبال تو
زندگی جهد است و استحقاق نیست
جز بعلم انفس و آفاق نیست
گفت حکمت را خدا خیر کثیر
هر کجا این خیر را بینی بگیر

فارغ از اندیشه اغیار شو
قوت خوابیده ای بیدار شو
نا امیدی حربه اهریمن است
پیش آفت، آسمانی جوشن است
جوشن امید را بر خود بپوش
روز و شب تا جان بتن داری بکوش
خویش را خوار و زبون کس مدان
در نبرد زندگی واپس مدان
زین قناعت پیشگی پرهیز کن
مرکب همت بجولان تیز کن
همت از آمال کوچك باز گیر
تا فراز کهکشان پرواز گیر
این کسالات و تن آسانی بس است
تربیت آموز، نادانی بس است
زندگی جنگ است و تدبیر معاش
زندگی خواهی چو مردان کن تلاش
فقر و درویشی در استغنا نکوست
با غنا شو صوفی و درویش دوست
فقر و درویشی تباهت میکند
در دو علم روسیاهت میکند
گربترسی رنج و درد د قفاست
خیز و جنبش کن که گنجت زیر پاست
جز یکی نبود سراپای وجود
قطره قطره محو دریای وجود

از جدائی بگذر و مانوس باش
قطرگی بگذار و اقیانوس باش
کفر دانی چیست؟ کثرت ساختن
از یکی سوی دوتائی تاختن
سوی وحدت پوی و دست از شرک شوی
متحد باش و بترک کفر گوی

یہ اشعار بہار نے تشکیل پاکستان سے چند سال قبل اپنی مشہور نظم "خطاب بہ ھند" میں کہے تھے، لیکن اس اہل دل اور حقیقت پسند شاعر نے ۱۹۵۱ء میں اپنے صدارتی ایڈریس میں توضیع کردی کہ "خطاب بہ ھند" میں بھی میرا اصلی مقصود اقبال ہی کی تجلیل تھی۔

وقت کی ترتیب کے لحاظ سے "خطاب بہ ھند" میں اقبال کی تکریم و تجلیل و تبلیغ کے بعد بہار کا وہ مشہور تاریخی قصیدہ ہے جو اس نے مارچ ۱۹۵۰ء میں اعلیحضرت شہنشاہ ایران کے پاکستان کے دورہ کے موقع پر کہا۔ بہار نے اپنے قصیدہ کا عنوان "درود بپاکستان" رکھا اور اس میں علامہ اقبال، ملت پاکستان اور راہبران تحریک پاکستان کی کوشش اور قربانیوں کو سراھا اور پاکستان کے موقف کی نہایت موثر الفاظ میں تائیدکی۔ ذیل میں اس مشہور قصیدے سے چند شعر بطور نمونہ پیش کیے جاتے ہیں یہ قصیدہ اقبال کی نوائے عشق کی نخستین صدا باز گشت، ہے جو کشور اقبال میں پہنچی ہے:

همیشه لطف خدا باد یار پاکستان
به کین مباد فلك با دیار پاکستان
ز رحبس شرك بری شد بقوت توحید
همین بس است بدهر افتخار پاکستان

سزد کراچی و لاهور قبة الاسلام
که هست یاری اسلام کار پاکستان
ز فیض روح محمد علی جناح بود
محمد و علی و آل یار پاکستان
چو مادری که زفرزند شیرخوار جداست
نجات کاشمر آمد شعار پاکستان
زما درود فراوان به شیر مردانی
که کرده اند سر وجان نثار پاکستان
بروح پاك شهیدان که خونشان برخاك
کشید نقشه پُر افتخار پاکستان
بیادگار بهار این قصیده گفت و نوشت
همیشه لطف خدا باد یار پاکستان
درود باد بروح مطهر اقبال
که بود حکمتش آموزگار پاکستان
هزار باده ناخورده وعده داد که هست
از آن یکیش می بی خمار پاکستان
بهار عاشق فرهنگ و خوی و آدابیست
که محکم است بدان پود و تار پاکستان
جدا نبود و نباشند ملت ایران
زطبع و خوی و شعار و دثار پاکستان
گمان مبر که بود بیشتر از ایرانی
کسی بروی زمین دوستدار پاکستان

قصیدہ "درود پاکستان" ملک الشعرا بہار پر علامہ اقبال کے معنوی اور نظریاتی اثر کی نہایت جامع اور مؤثر نشان دہی کرتا ہے۔

اس قصیدے کے بعد اسی موضوع پر ایرانی شعرا و ادبا نے مفصل تر نظمیں اور مقالے لکھے، لیکن اولیت اسی قصیدے "درود بپاکستان" کو حاصل ہے، اور بہار کے اس شدت احساس اور پاکستان کی ھمہ جانبہ تائید کی اساس ا۔ کا یہ عقیدہ تھا کہ پاکستان اقبال کی نظریاتی تعلیم و تبلیغ سے بہرہ مند ہوا ہے:

درود باد بروح مطهر اقبال
که بود حکمتش آموزگار پاکستان

بہار کو اقبال اور پاکستان سے غیر معمولی محبت اور عقیدت پیدا ہو چکی تھی۔ "یوم اقبال" کے صدارتی خطبہ سے چند مختصر اقتباسات کا ترجمہ ،جن سے بہار کی اقبال سے عقیدت اور معنوی اثر کا اظہار ہوتا ہے، درج کئے جاتے ہیں:

"جب کبھی کوئی سیاستمدار یا ڈپلومات کسی دوسرے ملک کے متعلق سوچتا ہے تو سب سے پہلے اس ملک کے قدرتی ذخیرے اور وہ فائدے جو وہ ان ذخیروں سے حاصل کر سکتا ہے، اس کی نگاہ کے سامنے مجسم ہو جاتے ہیں"۔

"جب کوئی تاجر اور سرمایہ دار کسی دوسرے ملک کو یاد کرتا ہے تو سب سے پہلے وہ تجارتی معاملات، لین دین اور بازار کی حالت اور تجارتی منافع و ۔رہ کے خیال میں اس بات کو سوچنے لگتا ہے کہ کس طرح اس ملک سے سیم و زرا اکٹھا کیا جاسکتا ہے"۔

"لیکن جب کبھی ایک شاعر یا دانشمند یا اہل دل کسی ملک کے متعلق سوچتا ہے، تو سب سے پہلے اس ملک کے علما ، ہنرمندوں، ان کے ذوق علم و ادب اور قومی روایات کی طرف توجہ دیتا ہے اور وہاں کے سب سے بڑے شاعر، اور صاحبدل کی جستجو کرتا ہے، کیونکہ ایک ملک کا حقیقی سرمایہ اس ملک کے لوگ ہوتے ہیں نہ کہ اس کے سیاسی، یا تجارتی

اور مالی امتیازات، اور یہ امر بھی واضح ہے کہ لوگوں (قوم) کی اصلی اہمیت ان کا تمدن، زبان اور تربیت کا صحیح مظہر ملک کی وہ بڑی بڑی شخصتیں ہوتی ہیں جو قوم کی سرپرستی کے فرائض انجام دیں"

"یہی وجہ ہے کہ جب کبھی پاکستان کے متعلق سوچتا ہوں تو بے اختیار علامہ اقبال طاب ثراہ کی یاد میرے دل میں تازہ ہو جاتی ہے"۔

آج سے پانچ سال پہلے، جبکہ ہندوستان و پاکستان ابھی آزاد نہیں ہوئے تھے، میں نے ہندوستان کے ماضی اور حال کی تاریخ بیان کرتے ہوئے ادب دوست شاعروں، صاحبدلوں، شہریاروں اور شہر بانوؤں کا ذکر کیا۔ اس طویل نظم سے میرا اصلی مقصد اقبال رحمة الله علیه کی تعریف اور اس کا تعاف کرانا تھا۔

"من اقبال را خلاصه و نقاوهٔ مجاهدات و مساعی جاویدان نهصد ساله نازیان و عالمان و ادبای اسلامی و میوهٔ رسیده و کمال یافتهٔ این بوستان نهصد ساله دانستم"۔

"پاکستان کی عظیم اسلامی حکومت کے وجود میں آنے کے بعد ڈیڑھ سو سالہ پرانا اور ضخیم پردہ جو ایرانیوں اور ہمارے بھائیوں کے درمیان حائل کیا گیا تھا، اٹھ گیا اور ناگہاں ہم نے محسوس کیا کہ ایک سو پچاس سال کی جدائی اور استعماری طاقتوں کی ماہرانہ شیطانی تحریکیں ہماری باہمی ہمدردی، ہم خونی، ہم کیشی اور ہم زبانی کے تعلقات کو ذرہ بھر بھی کم نہیں کر سکیں۔

"اب مجھے امید ہے کہ ہمارے تاریخی ارتباط اور ہمارے بزرگوں کی کوشش اور ہماری قدیم وحدت اور یگانگت کا پھل ہمیں حاصل ہوگا۔ میری آرزو ہے کہ یہ دو بدیع اور پُرطراوت گلشن اور نعمتوں سے مالا مال یہ دو بوستان پاکستان کے دو عظیم المرتبت بانیوں (علامہ اقبال اور حضرت قائد اعظم) کی روحوں کی مدد سے اور دونوں ملکوں کے ادبا اور علما کی

سعی و کوشش سے آپس میں ایسے گھل مل جائیں کہ ہمارے درمیان سے تمام رسمی روکاوٹیں اور سرحدی خطوط دور ہو جائیں اور اس شاعر اور مصلح اعظم کی آرزو کا ایک اہم حصہ یعنی وحدتِ مشرق ،کم از کم، جہاں تک ایران و پاکستان (جو ایشیا کے دو اہم دروازے ہیں) کا تعلق ہے حقیقت، بن کر ہمارے سامنے آ جائے"۔

"مجھے امید ہے کہ ایران و پاکستان، باہمی ہمدردی، حسن تفاہم، دلی دوستی اور مضبوط ایمان کے زیر اثر وسطی ایشیا میں صلح اور امن کو ایک پائدار اصول پر قائم کرسکیں گے"۔

بہار کے بعد ایران کے قومی شاعر صادق سرمد نے اقبال کی تجلیل اور اس کے باقاعدہ تتبّع کا کام اپنے ذمے لے لیا۔ وثوق سے کہا جاسکتا کہ اقبال کی تجلیل و تکریم اور اس کے نظریات کی تائید میں کسی ایک شاعر نے اتنے زیادہ اور اتنے بلند مقدار قصیدے نہیں لکھے جتنے سرمد نے۔

اقبال کے معنوی یا نظریاتی اثر کو قبول کرتے ہوئے سرمد نے اپنی نظموں میں قدیم قصیدہ، غزل اور دیگر انواع شعر میں معنوی تبدیلی کرنے کی تلقین کی ہے اور اپنے بعض قصیدوں میں اقبال کے نظریات کو اپنے مخصوص رنگ میں پیش کیا ہے۔

اقبال کے نزدیک شاعر کا کام صوتی تفریح یا ذہنی تعیش یا لفظ بازی نہیں بلکہ اس کا مقصود "آدم گری" ہے۔ یہ شعر ملاحظہ ہوں:

ای میان کیسہ ات نقد سخن
بر عیار زندگی او را بزن
شعر را مقصود گر آدم گری است
شاعری هم وارث پیغمبری است
کاروان ها از درائیش گام زن
در پی آواز نایش گام زن

سرمد، اقبال کے مقصود شاعری کو ایک دلپذیر قطعہ میں یوں بیان کرتا ہے:

آئین شعر

آئین شعر گرچه بدین پای بند نیست
بر علم وفن سزد که بهر جا وطن کنند
لیکن سخنوران را تنها وظیفه نیست
بازی لفظ از پی موزون شدن کنند
بر شاعران نزیبد تنها ز نظم شعر
آهنگ سازی از جهت نغمه زن کنند
بر شاعران رسد که به تبلیغ دین و داد
از مردم ستم زده رفع محن کنند
بر شاعران رسد که بنای شریعتی
یا نهضتی بزرگ بدست سخن کنند

یعنی شاعر کا اصلی کام تبلیغ دین و داد اور پیغمبرانہ تحریکیں برپا کرنا ہے، جس سے لوگوں کی مشکلات اور مصائب دور کی جاسکیں۔

ایک دوسرے قصیدے میں سرمد نے تحریک استقلال پاکستان کو اقبال کی راہنمائی اور ارشاد و ہدایت سے نسبت دی ہے:

گر چراغ لالۂ صحرای اقبالی نبود
شمع این محضر نمی شد روشنی حالتان
فکر خود کردید اسرار خودی آموختید
لاجرم بی خود نشد نزد خدا اعمال تان

عصر حاضر کی الحاد پرور اور انتشار انگیز فضا میں جب کہ بعض "ترقی پسند" ادبی محافل میں مذہب اور قدیم اخلاقی روایات کے خلاف زہر آگین پراپیگنڈا ایک نئے فیشن کے طور پر رواج پا رہا تھا، سرمد جیسے ہمہ

فن اور ہر محفل کے شاعر اور ادیب کا اقبال کے اسلامی نظریات اور قرآنی تعلیمات پر مبنی فلسفہ حیات کو اپنا لینا پاکستان اور ایران کی ادبی زندگی کے لئے ایک نیم فال تھی۔ سرمد کی نگاہ میں اقبال کی عظمت کا راز اس میں مضمر ہے کہ وہ "پیغمبر پیغمبرِ حق" ہے۔ اور اس کا سرچشمۂ الہام "مکتب نبوت" ہے۔ شاعر اسلام کے طور پر سرمد نے اقبال کی بے نظیر تعریف و توصیف کی ہے۔ اس کے متعدد اور ولولہ انگیز قصائد سے نمونے کے طور پر چند شعر پیش کئے جاتے ہیں:

اقبال بزرگ است که در عالم توحید
از بت شکنی دشمن اصنام بزرگ است
اقبال بزرگ است که بر گردن اسلام
از خدمت بی منّت وی وام بزرگ است
اقبال که پیغمبرِ پیغمبر حق بود

وہ خاص طور پر اقبال کو خراج تحسین پیش کرتا ہے کہ اس کے ایمان افروز شعر کی برکت سے ہندوستان کے مسلمان شرک و کفر کی نجاست سے پاک ہو گئے۔ ایک قصیدے میں اقبال کو خطاب کرکے کہتا ہے:

خاك پاکستان ز شعرت پاك شد ا ز لوث شرك
آفرین بو شعرِ نغز و معجزِ اقوال تو

اقبال کی طرح سرمد نے "تبلیغ دین و داد" کے لئے اپنے شعر کا رخ موڑ دیا اور اپنے ہم عصروں کو بھی اقبال کے فکر کی پیروی کی ترغیب دلائی اور پاکستان کے شاعروں کو خاص طور پر اقبال ہی کے نقش قدم پر چلنے کی تلقین کی، کہتا ہے:

شاعرانِ خاك پاکان را سزد درکار شعر
شعری ورزند بر معیار بر منوال تو

اہل ایران پر پاکستان اور مسلمینِ ہندوستان کے متعلق حقائق،

دشمنان پاکستان کے وسیع اور لگاتار پراپیگنڈے کے باوجود، بہت جلد روشن ہوگئے۔ انہوں نے اقبال کو شاعر اسلام اور اسلامی شعرو عرفان کے احیا، کنندہ کے طور پر قبول کیا۔ پاکستان کا ایک اسلامی مملکت کی حیثیت سے استقبال کیا اور حضرت قائد اعظم محمد علی جناح کو "بزرگترین مرد آسیا" اسی لئے تسلیم کیا کہ اس کی کوشش سے کروڑوں فرزندان اسلام پر مشتمل پاکستان کی اسلامی حکومت وجود میں آئی۔ سرمد اپنے ایک قصیدے میں بانیِ پاکستانی سے خطاب کرتے ہوئے کہتا ہے:

بستی زمام ملك به حبل المتین دین
وین رشته تافتی همه ا تارو پود خویش
اسلام بود و دولت اسلامیان نبود
بودن بلی چه سود جدا از نمود خویش
تشکیل یافت دولت پاکان به همتت
همت چو خواستی زخدا و درود خویش

صادق سرمد کے کلام سے مندرجہ بالا اقتباسات سے یہ بخوبی واضح ہو جاتا ہے کہ اس جیسا اہل علم و ادب اور ہر نوع سخن پر عبور رکھنے والا شاعر، اقبال کے فکر و شعر سے کسی حد تک متاثر تھا۔ اس کا آخری قصیدہ جو اس نے موت سے صرف چند ہفتے پیشتر لکھا، اقبال ہی کی توصیف اور اس کی تعلیمات کی تائید میں تھا۔

اس قصیدے میں سرمد نے اقبال کے نظریۂ قضا و قدر پر بھی اظہار خیال کیا ہے:

شب آمد و سیاهی او بام و در گرفت
وزبام و در گذشت و همه بحر و بر گرفت
گم گشت در سیاهی شب کاروان روز
خورشید چون بخانهٔ ظلمت مقر گرفت

وحشت گرفت قلب همه کاروانیان
چون دزد زد بقافله و فتنه در گرفت

سرمد اس کے بعد گریز کرتا ہے اور انگریز کی برصغیر پر حکومت کا ذکر کرتے ہوئے کہتا ہے کہ لوگ اپنی مجبوری کے عالم میں یہ خیال کرنے لگے کہ یہ خارجی حکومت اور مظالم، خدا کی تقدیر ہے، جس سے ان کے لئے کوئی مفر نہیں:

بی چاره مردمی که خدا را نمی شناخت
این اتفاق حکم قضا و قدر گرفت
غافل که اقتضای بد و خوب، فعل ماست
حکم قضا که قدر مقام این قدر گرفت
"تقدیر" را به همت "تدبیر" چاره کرد
هر کس که از قضای الهی خبر نداشت
در کار خویش اراده خود بی اثر گرفت
وآنکس که از قضای الهی خبر نداشت
در کار خویش اراده خود بی اثر گرفت
و آزاده مردمی که خدا را بحق شناخت
راز حیات جست و ازو کام بر گرفت
دانست در ارادۂ خلاق آدمی است
گر آدمی نصیبه ای از خیر و شر گرفت
دانست داستان قیامت که گفته اند
انسان دوباره خواهد هستی ز سر گرفت
رمزی بود ز رجعت قومی که نیست شد
وز جنبشی تواند عمر دگر گرفت

روزی که ملتی کند آهنگ رستخیز
روز قیام باید و پیش نظر گرفت

سرمد اقبال کے اس کردار کا ذکر بھی کرتا ہے جو اس نے اپنی قوم کی آزادی کے لئے ادا کیا ہے اور ایک بار پھر اس حقیقت امر کو مزید واضح کرتا ہے کہ "اقبال" نے جو کچھ حاصل کیا اسلام اور پیغمبر اسلام سے حاصل کیا ہے:

آیات او بدولت پاکان حیات داد
وین منزلت زمکتب خیرالبشر گرفت
شاگردیِ پیمبر اسلام پیشه کرد
تا در سخن فضیلت پیغامبر گرفت

ملک الشعرا بہار اور صادق سرمد کئی لحاظ سے ایرانِ معاصر کے شعر و ادب کے نمائندے خیال کئے جاتے ہیں اور ان کے کلام پر اقبال کے فکر و منظوم آثار کا اثر و نفوذ اسی مقالے میں مندرج اقتباسات اور گزارشات سے صاف ظاہر ہے۔ لیکن تہران اور ایران کے دیگر مرکزی شہروں میں کئی اور شعراء و ادبا نے اقبال کے فکر و نظر کو سراہا اور پاکستان کو ایران اور جہاں اسلام کے لئے ایک مبارک اور مفید اقدام خیال کیا۔ شیراز کے مشہور اہل علم اور صحافی علامہ جوادی شیرازی کے اخبار "دوست ملت" میں ملت مسلمان ایران کے احساسات کی نمائندگی کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"علامہ اقبال کے اشعار پڑھ کر مجھے ایسا محسوس ہوا کہ ایران و پاکستان کے درمیان سیاسی اور جغرافیائی حدیں ناپید ہو گئی ہیں، جو کچھ ایران کا ہے، وہ پاکستان سے متعلق ہے اور بالعکس۔۔۔"

ایران کے پایۂ تخت تہران سے کوئی ہزار میل دور پہاڑوں اور وسیع لق و دق صحراؤں کے اس پار "زاهدان" میں ایک معلم علی خدائی اقبال کے

کلام کے زیر اثر محسوس کرنے لگتا ہے، وہی "قند پارسی" جو صدیوں سے برصغیر کے طوطیوں کے لئے شکر شکنی کا سامان مہیا کرتی رہی نئے رنگ و روپ میں واپس ایران پہنچتی ہے، اقبال کے کلام کی دو خاصیتیں آقاے خدائی کی نظر میں خاص طور پر نمایاں ہیں۔ ایک تو یہی"قند مشترک فارسی" اور دوسری"ترویج دین اسلام"۔ اس شاعر کے ایک قصیدے سے مندرجہ ذیل شعر پیش کئے جاتے ہیں:

زهی بزرگ هنرور محمد اقبال
سپهر زهد و ورع، مهر برج فضل و کمال
چکامه ساز دری فیلسوف پاکستان
که بس حقایق تفصیل رانده در اجمال
حکیم با خرد و نکته سنج معنی یاب
که بهر میهن خود ریخت طرح استقلال
یکی مروج اسلام در ادای کلام
یکی مبین احکام از بیان مثال
اگر بجانب بنگال قند پارس گذشت
زوی به پارس همان قند آمد از بنگال
یگانه طوطی از بوم هند شکر ریخت
که یار بلبلِ گلزار فارس یافت نوال

تبریز یونیورسٹی کے زیر اہتمام ایک دفعہ ایک ادبی جلسہ ترتیب دیا گیا تھا، جس میں تقریباً پانچ سو طلبا اور اساتذہ نے شرکت کی۔ استاد خیام پور رئیس دانشکدہ ادبیان نے مختصر و مؤثر تقریر کی، جس میں اس امر پر اظہار افسوس کیا کہ اقبال جیسے بلند مرتبہ فارسی شاعر اور فیلسوف اسلامی کو تبریز میں کماحقہ، پہچانا نہیں جاتا۔ یونیورسٹی کے پروفیسر آقای رجائی نے اپنے قصیدہ کا کچھ حصہ پڑھ کر سنایا جو انہوں نے کچھ عرصہ پہلے لکھا تھا، اس قصیدے کا حاضرین پر گہرا اثر ہوا

پروفیسر رجائی کا شمار ایران کے برگزیدہ اقبال شناسوں میں ہوتا ہے۔
پروفیسر رجائی کے قصیدے سے چند اشعار پیش کیے جاتے ہیں:

تاز پاکی و حقیقت در جهان عنوان بود
جاودان اندر جهان عنوان پاکستان بود
کشوری پاکیزه خلقی، پاك دین و پاکدل
نام پاکستان بدو از جانب یزدان بود
نیك بنگر مرد صاحب همتی همچون جناح
آن که روحش جاودان در روضهٔ رضوان بود
کشوری شد مستقل وان پرچمی کافراشت او
از کراچی تا بکشمیر اینزمان جنبان بود
اولین کشور که استقلال پاکستان شناخت
مهد دانش یار دیرین کشور ایران بود
پارسی گویان لاهوری ندیدی روح بخش
تانگوئی کاین کرامت خاص پر ترکان بود
اندرین دعوی مرا و خلق را اقبال بس
هر کرا اقبال باشد کو کبش تابان بود
کیست اقبال آنکه ره زی مشرب مقصود برد
وز عطایش جرعه ای در ساغر رندان بود
گوید اقبال ار ز اسرار خودی آگه شدی
از رموز بیخودی جان و دلت رخشان بود
بود سرمشق عمل اقبال و روحش شاد باد
آنکه آثارش جهان تاهست جاویدان بود
مردم دانا و نادان را رجائی فرق چیست
مرد دانا باقی و فانی همی نادان بود

اقبال خراسان میں

خراسان کے کئی بزرگترین شعرا نے اقبال کے کلام سے متاثر ہو کر اظہار خیال کیا ہے۔ بہار بھی خراسانی تھے البتہ انہوں نے بعد میں تہران میں مستقل سکونت اختیار کرلی۔ صوبہ خراسان کا مرکز مشہد مقدس ہے جو آج بھی ادبی اور سیاسی اور خاص طور پر ایک مذہبی مرکز کی حیثیت رکھتا ہے۔ حضرت امام رضا (امام ہشتم) کا عالی شان روضہ بھی اسی شہر میں ہے۔

ملک الشعرا قاسم رسا

مشہد میں مقیم جس شاعر نے سب سے پہلے اقبال، کو "خوش آمد" کہا وہ ملک الشعرا ڈاکٹر قاسم رسا ہے۔ انہوں نے جس ذوق و شوق سے "طلوع" اقبال کا خیر مقدم کیا ہے اس کا اثر مشہد و اطراف مشہد میں دور دور تک محسوس ہوتا ہے۔ ان کے ایک قطعہ سے چند شعر پیش کئے جاتے ہیں:

سر زد از لاہور رخشان اختری
آنکه پاکستان همی نازد بدو
خود نه پاکستان که خاك هند را
خامه اقبال بخشید آبرو
شاعری شرین کلام و نکته سنج
تا بگوید راز پنهان مو بمو
طالب حق بود و در آفاق گشت
تا کند مطلوب خود را جستجو
سالك راه حقیقت بود و گشت
از پی عطار و رومی کو بکو

در دل عشاق سوز خامه اش
آتش عشق است نه نشیند فرو

اہل علم و معرفت ایرانی شاعر اور ادیب، جس بات سے گہرے طور پر متاثر ہیں، وہ اقبال کا احیأ افکار اسلامی اور تجدید و تحفظ فرہنگ مسلمین ہے، وہ مملکت پاکستان کو کلام اقبال کی "قدرت خلاقہ" کا ایک معجزہ تصور کرتے ہیں۔ ملک الشعرا ڈاکٹر قاسم رسا اور آقاے گلشن آزادی کے علاوہ خراسان کے کئی دیگر شعرا و صحافیوں نے بھی اقبال کی تجلیل اور اس کی "خلاقہ شاعری" کی پیروی کی تلقین کی ہے۔ لیکن چند ایک حضرات کے ناموں کا یہاں ذکر کر دینا ضروری سمجھتا ہوں۔

جنھوں نے اقبال اور اس کے اسلامی معارف سے مملو آثار کی تبلیغ و توسیع میں مثبت کردار ادا کیا ہے ان میں سب سے اوپر آقاے فرخ خراسانی کا نام ہے جو ملک الشعرا بہار کے نزدیکی دوستوں میں سے ہیں۔ اس کے بعد مشہد کے مشہور یومیہ اخبار خراسان کے مدیر آقاے تہرانیان اور آفتاب شرق کے مدیر آقاے آموزگار اور ان کے بھائی آقاے اسمعیل آموزگار ہیں۔ آقاے اسمعیل آموزگار وزارت تعلیم کے پرانے مأمورین میں سے ہیں اور انہوں نے اپنے حلقہ اثر میں معلمین اور طلبا کو اقبال سے آشنا کرنے میں ہمیشہ دست تعاون بڑھایا۔

اقبال اور ادیب برومند

اقبال کے پیام سے برصغیر کے مسلمانوں کی ہزار سالہ دینی و ادبی تاریخ اور مخصوص ثقافتی روایات کا احیا اور خارجی استعمار اور داخلی انتشار کا شکار ملت اسلامی کی مثبت اور کامیاب راہنمائی کو ایرانی مسلمان استحسان کی نظر سے دیکھتے تھے اور اس کی پیروی کرنے میں فخر محسوس کرتے تھے۔ سرمد کے بعد اصفہان کے جوان سال قادر الکلام شاعر آقای عبدالعلی ادیب برومند نے اقبال کی اور اس کے مکتب فکر کی

تشریح میں متعدد قصیدے لکھنے کے علاوہ بہت سے "قومی" مضوعات پر بھی زوردار اشعار لکھے ہیں۔

وہ اقبال کی تجلیل و توصیف میں کہتا ہے:

زان مرد نکو نام زمان راست همی فخر
ز آن نخل برومند زمین راست همی بار
آن عالم یکتا بوطن منشأ تعلیم
آن مشعل تابان بجهان مطلع انوار
همنام "محمد" هنر آموز حکیمی
دلدادهٔ سرخیل رسل احمد مختار
شد شاعری آنگونه که تأثیر کلامش
حسن و حرکت داد بنقش در و دیوار
شد شاعری آنگونه که در جنگ اجانب
شعرش به یقین گشت بهین حربه احرار
چون دید که در هند دل مسلم .و هندو
پیوند محبت نپذیرفت بناچار
یکبار صلا داد که اقوام مسلمان
باید که در آیند بیك حلقه و یکدار
او پیروی مکتب اسلام کند نیک
وز محبث این کیش بود کاشف اسرار
خواهد که مسلمانان بسازند ز وحدت
سدی به ره عیسویان محکم و ستوار

ادبیت برومند اقبال کے نظریۂ علم و عشق کو قلیل اور متوازن الفاظ میں بیان کرتا ہے اور یہ ایجاز بیان اور کلام کی تاثیر میں اضافہ کرتا ہے:

گوید که ترا عشق بود رهبر هستی
وزعلم شود راه و گذرگاه تو هموار
از مغربیان زیرکی و علم و حیل زاد
وزمشرقیان عشق و دل و معنی و کردار

فلسفۂ بیخودی کو اپنے دلپذیر الفاظ میں یوں بیان کرتا ہے:

بیخود شدن از خویش بود توسعۂ روح
در ملت خود محو شدن شیوه ابرار

تدبیر و تقدیر و ترقی کے موضوع پر برومند، اقبال کے نظریات کی ان الفاظ میں تشریح کرتا ہے:

سعی و عمل و جنبش و امید و توکل
این جمله بود نقد بقا را همه معیار
یکباره مشو دستخوش بازی تقدیر
دستی ببر ازوی تو بدین قدرت سرشار
در عرصۂ پُر کشمکش عالم هستی
چون شیر عرین باش نه چرن میش علفزار
بفروز بدل اتش آمال نوین را
وز پرتو او راه طلب جو بشب تار
گر لوح دل از نقش تمناست نگارین
هر گز نه پذیرد ز ید حادثه زنگار
نوکن بتن از نو طلبی جامۂ هستی
زآن پیش که پوشد زفنا پو تو با تار
نالان مشو از کجروی مرکب تقدیر
با عزم گران توسن تقدیر بره آر

ادیب برومند نے اقبال کے دینی اور فلسفی نظریات کو قصیدے کی شکل میں پیش کیا ہے۔ لیکن قصیدے کی روایات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ تبلیغی کام کچھ آسان نہیں-بہر حال ادیب برومند کے ہم عصر اور ہم ذوق و ہم قدرت ادبا و شعرا کا وجود فارسی کی بیش بہا کلاسک روایات کی حفاظت کے لئے غنیمت ہے۔

گلچین معانی

گلچین معانی ایران کے عملی، ادبی اور تحقیقی حلقوں میں معروف ہیں، ادیب برومند کی طرح گلچین کے کلام میں بھی گہرائی، معانی اور الفاظ پر تسلط موجود ہے-مثنوی سے منتخب اشعار پیش کرنے سے پہلے ان کی ایک رباعی درج کی جاتی ہے جس کو تہران کی ادبی مجالس میں "خلاصه اسرار خودی" کے طور پر بہت پسند کیا گیا ہے:

ز اقبال شنو

تاچند ز خویشتن جدائی کردن
در کار وجود سست رائی کردن
زاقبال شنو که گفت خود را بشناس
کز راه خودی توان خدائی کردن

ذیل میں مثنوی گلچین سے کچھ اشعار جن سے گلچین اور اقبال کی "هم آهنگی" صاف اور موثر طور پر ظاهر ہے، درج کئے جاتے ہیں:

بشنو از آن فیلسوف پاکزاد
مولوی ثانی آن اقبال راد
کز خودی دارد جهان نام و نشان
جز خودی چیزی نیاید در جهان

تا نیابی معرفت بر نفس خویش
رہ نیابد نفس تو گامی بہ پیش
لن ترانی چند در طور خودی
رو خدا بین، باش با نور خودی
کز خودی باشد جھان را رنگ و بو
وز خودی باشد تجلی ھای او
آرزو مندی ترا بخشد حیات
ترک عشق و آرزو یعنی ممات
دربلا بگریز و خود را رنجہ کن
با حوادث پنجہ اندر پنجہ کن
"از بلاھا پختہ تر گردد خودی
تا خدا را پردہ در گردد خودی"
این حدیث نغز و جاویدانی است
فلسفہ اقبال پاکستانی است

یغمائی کے تاثرات

گلچین کے بعد ایران کے کہنہ مشق شاعر، محقق اور صحافی یغمائی کے تاثران کا ذکر کیا جاتا ہے-حبیب یغمائی انیسویں صدی کے مشہور شاعر یغما جندقی کے پوتے ہیں اور ایک مدت سے ایران کے مؤقر، علمی و ادبی مجلہ، یغما، کی مدیریت کے فرائض سر انجام دے رہے ہیں۔ یغمائی کا بیشتر کلام غزل، قصیدہ اور مثنوی پر مشتمل ہے- یغمائی کے کلام میں کلاسیکی مکتب کی روانی، قدرت کلام، اور بے ساختہ پن موجود ہے جس کی وجہ سے اس کو ایران کے ادبی اور تعلیمی حلقوں میں خاص مقبولیت حاصل ہے۔

یغمائی نے اپنی ایک نظم میں اعلی درجہ کی شاعری کے لئے غیر متزلزل معیار قائم کیا ہے اور پھر نہایت وضاحت سے اظہار خیال کیا ہے کہ "اقبال" اس معیار پر پورا اترتا ہے- یغمائی کے نزدیک ایک زندۂ جاوید شاعر کے لئے بنیادی طور پر یہ صفات لازم ہیں۔ اول دِقت فکر و لطف خیال، دوم علم و حکمت اور ان سے بالاتر یہ کہ اُس کا دل دولت عشق سے مالا مال ہو۔ یغمائی کا اقبال کے متعلق یہ عقیدہ ہے کہ اقبال کے فکری اور ادبی نبوغ نے پیغمبر اسلام کے مکتب سے کسب فیض کیا ہے اور اسی لئے آج وہ دنیاے اسلام اور تمام اہل مشرق کے لئے شرف و افتخار کا موجب ہے۔

یغمائی نے اقبال اور اس کی نظریانی مملکت پاکستان کے متعلق بہت سے اشعار کہے ہیں۔ یہاں ان کے ایک قصیدہ سے چند شعر پیش کیے جاتے ہیں جن سے یغمائی کے نظریات کی تائید ہوتی ہے۔ یہاں یہ ذکر بھی کردینا مناسب ہوگا کہ سب سے پہلے جس ایرانی شاعر اور صحافی نے اقبال کے کلام کی باقاعدہ تبلیغ و اشاعت کے لیے ایک مفصل اور مستقل رسالہ (اقبال لاھوری) شائع کیا وہ حبیب یغمائی تھے۔ یہ رسالہ انہوں نے خاص طور پر ایران کے نامور عالم، ادیب اور شاعر، استاد مجتبی مینوی سے لکھوایا۔

یغمائی اپنے قصیدے میں کہتے ہیں:

زنده ماند سخنوری که ورا
دِقت فکر هست و لطف خیال
سخنی کان زحکمت است تهی
میوه ای هست نارسیده و کال
حکمت آموزی آن کند که وراست
طبع مواج و فکرت جوال

بجهان شور افگند آن کو
دلش از عشق گشت مالا مال
شاعرانند چون پیامبران
در بیان فضائل و اقوال
از کلام محمدی است اثر
در کلام محمد اقبال
پارسی گو حکیم پاکستان
پاک جان، پاک شیوه، پاک خصال
دین اسلام را نموده شرف
مردم شرق را فزوده جمال
و انحاد ممالك اسلام
هست او ر از جملهٔ آمال

منوچہر طالقانی

یغمائی ہی کے زیر اثر ایران کے ایک خالص مذہبی خاندان کے فرانسیسی اور انگریزی پڑھے ہوئے نوجوان منوچہر طالقانی اقبال کے متعلق ایک قصیدے میں کہتے ہیں:

بی شك بدور فتنهٔ عصر روان از او
آگه تری به مسلك قرآن ندیده ام
گفتا حذر زتفرقهٔ مسلمین کز آن
حاصل بجز فلاکت و خسران ندیده ام

ان اقتباسات سے ظاہر ہے کہ اقبال سے متاثر ہونے والے ادیب اور شاعر کسی خاص جغرافیائی، لسانی، یا طبقانی اور سنی یا مسلکی حدود سے متعلق نہیں ہیں۔ ایران معاصر میں اپنی اپنی قدرت کلام، استعداد شعر

گوئی اور ادبی سوابق کو مدنظر رکھتے ہوئے شعرا نے بطور کلی تینوں مکاتب سخن یعنی سبک خراسانی، سبک عراقی، سبک هندی میں داد سخن دی ہے، لیکن جو بات بظاہر کچھ غیر مترقبہ نظر آتی ہے، وہ یہ ہے کہ ہر مکتب کے شاعر نے اقبال کو قبول کر لیا ہے۔ یہ اقبال کی ہمہ گیر معنویت اور وسیع مشربی کی دلیل ہے۔

سبک هندی و اصفهانی

تہران میں سبک هندی یا واضح تر الفاظ میں سبک صائب کی پیروی کرنے والے شعرا کی اچھی خاصی تعداد موجود ہے سبک اصفہانی (یا صائب) کے مسلّم استاد امیری فیروز کوہی نے اقبال سے اپنی عقیدت کا اظہار ان الفاظ میں کیا:

امیرا دامن اقبال را زکف مگذار
که هر که حاجت از آن نور پاک خواست، برآمد

اس قسم کا هدیۂ عقیدت خواجۂ شیراز کے سوا شاید ہی کسی شاعر کی خدمت میں، "امیری" کے مرتبہ کے شاعر نے پیش کیا ہو۔

مذہبی واعظین کا عکس العمل

اقبال کو ایران کی خالص مذہبی مجالس میں بھی عقیدت اور احترام کی نظر سے دیکھا گیا ہے۔ اقبال کے وسیع النظر اسلامی نظریات کا ایرانی مذہبی حلقوں پر نہایت خاطر خواہ اثر ہوا۔ علامہ جوادی شیرازي کی گفتار سے مختصراً اقتباس اس سے پہلے پیش کیا جاچکا ہے۔ اسی قسم کے اور بھی بے شمار اقتباسات پیش کئے جاسکتے ہیں تا ہم یہاں ایران کے مشہور و مقبول واعظ، شاعر اور ادیب علامہ صدرالدین بلاغی کی ایک دل انگیز اور دل گداز نظم سے، جو انھوں نے شاعر اسلام علامہ اقبال، کے بارے میں اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے کہی، دو شعر درج کئے جاتے ہیں۔

در خیال شوکت اسلام، با اقبال دوشین
گردشی از اندلس بگرفته تافرغانه کردم
شمه ای از فتنهٔ کشمیر باآن میر گفتم
شاعر فرزانه را از سوز دل دیوانه کردم

اقبال کی زندگی اور شعر و شاعری کا سب سے بڑا مقصد اسلام اور ملت اسلامی کی خدمت تھی۔ اقبال کے اس مقصد اور آرزو کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم نہایت وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ ایران نے بطورایک شاعر خادمِ اسلام بڑی خوش دلی سے قبول کیا ہے اور اس کی تعلیمات اور نظریات کی تبلیغ میں نمایاں حصہ لیا ہے۔ اس سے قبل متعدد اقتباسات، شعرا و ادبا و علماء و واعظین کے کلام سے پیش کئے جاچکے ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ بدون استشنا انہوں نے اقبال کی تحریک اتحاد اسلامی کی تائید کی ہے۔

القصہ اس مقالے میں ہم صرف انھی بیانات پر اکتفا کرتے ہوئے حسن ختام کے طور پر، ایران معاصر کی مشہور و محترم علمی و ادبی شخصیت ڈاکٹر رضا زادہ شفق کی ایک نظم سے چند شعر پیش کرتے ہیں۔ وہ اقبال کے متعلق فرماتے ہیں:

اوستاد سخنوران جهان
شاعر و فیلسوف پاکستان
که نموده است در عبارت شعر
نغز اندیشه های خویش بیان

رمز حکمت ز قول او ظاهر

سر وحدت زشعر اوست عیان

مشرب اهل حق مشرب او

مذهب اوست مذهب عرفان

اوستاد سخنوران جهان

شاعر و فیلسوف پاکستان

❀ ❀ ❀ ❀ ❀

ڈاکٹر وحید عشرت

فردوسی اور اقبال میں
چند نادر فکری مماثلتیں

فردوسی اور اقبال میں جن چیزوں کو میں مشترک دیکھتا ہوں وہ نمایاں طور پر تین ہیں۔ پہلے نمبر پر فردوسی اور اقبال دونوں کی انسانی شخصیت کے غیر متغیر اور اساسی خصائص سے دلچسپی ہے۔ دونوں شخصیت سازی پر خصوصی زور دیتے ہیں اور کسی ایسے عظیم کردار کی اپنے شعر و فلسفہ میں یافت اور تشکیل کے آرزو مند ہیں جو تاریخ کے عمل میں موثر طور پر دسترس رکھتی ہو۔ فردوسی اپنی داستانوں کے کرداروں میں کسی فرد مصدّقہ یا مرد بزرگ کی کردار سازی کرتا ہے تو اقبال اپنے فکر و فلسفہ میں فرد مصدقہ یا مرد مومن کے روپ میں ایسے کردار کا متلاشی ہے جو مسلمانوں کو حرکت و عمل دے کر عصر جدید میں اسلامی نشاۃ ثانیہ کے خواب کو تعبیر دے سکے۔ اقبال کے الفاظ میں وہ اپنی خودی کی شناخت رکھتا ہو۔ اپنے سیرت و کردار میں منفرد یا یکتا اور یگانۂ روزگار ہو۔ فردوسی کے ہاں ایسے شخص کی تلاش کی آرزو لاشعوری یا تحت الشعوری اور دھیمی ہے وہ اپنی داستانوں میں ایسے کرداروں کی جب

ان کے خواص کے بیان سے تشکیل کرتا ہے تو ان کرداروں کی بلند ہمتی الوالعزمی اور یکتائیٔ اس کے قاری کے اندر داخل ہو کر اس کی اپنی خواہشات اور آرزوئں میں تحریک پاتی ہے اور دھیرے دھیرے اس کے کردار کو اس کے آئیڈیلز کی کھوج اور اسے اپنے اندر سمانے کی خواہش کو بیدار کرکے تحویل کردار کا باعث بنتی ہے۔ یون فردوسی لا شعوری طور پر اپنے قاری کے کردار پر انمٹ نقوش مرتسم کرتا چلا جاتا ہے۔

اقبال نے فرد کی اسی فردیت اور انفرادیت کو بلند آہنگ کر کے اسے شعوری سعی بنا دیا اور اپنے فلسفہ خودی کو جو انہوں نے اسرارخودی میں خود ایک انسان کی اپنی ذاتی شخصیت کی نبُت اور ساخت سے تشکیل کیا ہے، نہایت لطیف فلسفیانہ پیرائے میں اسلوب شعر میں ڈھال دیا۔ انسانی شخصیت کے ان غیر متغیر اور بنیادی خصائص کی یافت کا علم فردوسی میں تاریخی نظر سے تھا وہ تاریخ کے واقعات کے تناظر میں اور بساط ماضی پر گذرے ہوئے کرداروں کے اعمال سے اپنی محبوب شخصیت کا نظارہ کرتے ہیں یوں ان کی سوچ اور شخصیت سازی کا سارا تفکر ماضی سے ماضی کی طرف سفر کرتا ہے تا ہم اس کے ہاں اس دبی ہوئی خواہش کا بھی سراغ لگایا جاسکتا ہے کہ فردوسی محض داستان سرائ سے سوا بھی چاہتے ہیں کہ بساط تاریخ کے ان زندہ اور روشن کرداروں سے جلا پا کر مستقبل میں بھی کوئی کردار ان شخصیتوں میں ڈھل جائے۔ اس کی مثال یوں دوں گا کہ آپ کوئ ڈراما دیکھتے ہوئے تاریخی ناول یا تاریخی کہانی پڑھتے ہوئے یا کسی جنگ کا حال سنتے ہوئے کبھی کبھی یوں بھی محسوس کرنے لگتے ہیں جیسے آپ قاری نہیں بلکہ اس ڈراما، کہانی یا جنگ ہی کے ایک کردار ہیں۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ جب میں

واقعات کربلا میں سے فرات کے کنارے لگے خیموں کا حال پڑھتا اور تیروں کی بارش اور تیغ زنی کے جوہر کھلتے ہوئے دیکھتا تو یوں محسوس کرنے لگتا جیسے میں بھی یزیدی قوتوں کے خلاف لڑنے والا کوئی ایسا کردار ہی ہوں جو حضرت حسین (رض) کے ساتھیوں میں حضرت حر (رض) کی صورت میں موجود ہوں صلیبی جنگوں کے احوال اور پرانی لوک داستانون کے کرداروں کی گونج ہمیں ان کو پڑھتے پڑھتے یا سنتے سنتے اپنے اندر ضرور محسوس ہوتی ہے۔ لہذا فردوسی کا شاہنامہ کے لکھنے سے مطلب یقیناً اپنے خطے کی تاریخ کو محفوظ کرنا ہے مگر آخر تاریخ کس لئے محفوظ کی جاتی ہے اسی لئے نا کہ آنے والی نسلیں اپنے آبا کے نقوش ہائے قدم پر چل سکیں اور انھین اپنی منزل کے نشان واضح طور پر نظر آ سکیں یوں فردوسی کی تاریخیت مین ماضی کی طرح سفر میں بھی مستقبل کی طرف روشنی کی ایک کھڑکی ضرور کھلی ہے تا ہم فردوسی کو اقبال سے زیادہ واضح طور پر متشخص کرنے کے لیے ہم یہ کہیں گے کہ شخصیت سازی کے غیر متغیر اور بنیادی خصائص کی تلاش میں اس کی نظر تاریخی جہت میں زیادہ نمایاں تھی۔

اس کے برعکس اقبال کی نظر انھی شخصیت سازی کے غیر متغیر اور بنیادی خصائص کی طرف تقدیری تھی۔ جس طرح فردوسی کی تاریخیت میں اور ماضی پرستی میں مستقبل میں بھی ایک کھڑکی کھلی ہے اسی طرح اقبال کے ہاں بھی ماضی کا سراغ یوں ہے کہ اقبال بھی شخصیت کے غیر متغیر اور بنیادی خصائص کی معراج حضور نبی اکرم حضرت محمد رسول اللہ(ص) کی ذات اقدس میں دیکھتا ہے اور ان کی ذات معتبر ہی سے ان متذکرہ خصائص کی توصیف پاتا ہے۔ مگر اپنی تقدیری نظر میں وہ اپنا

سفر ماضی سے ماضی میں مراجعت سے بڑھ کر ماضی سے مستقبل کی طرف کرتے ہوئے ان غیر متغیر اور بنیادی خصائص کی جمال آرائ آئیندہ کے امکانات سے مختص کرتا ہے اور چاہتا ہے کہ ان کی انسانی انا، انسانی خودی یا انسانی ایغو اِن غیر متغیر اور بنیادی خصائص کو مستقبل میں بھی اپنی ذات میں متشخص کرے اور خودی اپنی تعمیر و تشکیل میں ان خصائص میں اپنی تکمیل و ارتقاء سے بہرہ ور ہو۔ اقبال کے نزدیک انسانی خودی کی معراج اپنے خصائص کی اپنے اندر تجذیب ہے۔ اقبال کی تقدیری نظر انسانی انا میں ان خصائص کا ظہور مستقبل کے امکانات میں چاہتی ہے جبکہ فردوسی کے ہاں یہی خصائص تاریخیت کے حوالے سے گذرتے ہوئے دھارے کا زیادہ نمایاں وصف ہیں۔

بہر طور انسانی شخصیت کے بنیادی اور غیر متغیر خصائص سے دونوں کی دلچسپی ان کی فکر میں ایک متحرک رشتہ ضرور ہے اور دونوں بطلیت (Heroism) کو اپنے اپنے ترا شیدہ کرداروں کا خاصہ ضرور گردانتے تھے فردوسی یہ بطلیت رستم و سہراب ، نوشیروان، اردشیر اور دیگر سلاطین ایران میں دیکھتا ہے جبکہ اقبال حضور(ص) کی ذات ستودہ صفات میں انسانی عظمت کے تمام رنگ دیکھتا ہے جیسا کہ اقبال نے خطبات میں لکھا ہے نبی چونکہ اپنے روحانی تجربے سے سرشاری کے باوجود آب و گل کی دنیا میں واپس آ جاتا ہے (۱) اور اس کے پیش نظر انسانی تہذیب و تمدن کی مشاطگی کا فریضہ ہوتا ہے لہذا نبی کی بطلیت میں نسل انسانی کے مستقبل میں نظارگی کے امکانات زیادہ متعین ہوتے ہیں۔ مگر اقبال کی بطیلت استحکام خودی کا منظر نامہ مستقبل میں زیادہ موزوں دیکھتی ہے اور وہ ماضی کی تاریخ کا حصہ بننے کی بجائے مستقبل

کی تاریخ گر ہوتی ہے- یوں فردوسی کے ہاں بطلیت کا پھیلاؤ ماضی میں اور اقبال کے ہاں اس بطلیت کا پھیلاؤ حال اور مستقبل میں زیادہ ہے فردوسی کی بطلیت کے نمائندے رستم و سہراب طرح کے لرگ ہین تو اقبال کی بطلیت مستقبل میں قائد اعظم محمد علی جناح کی صورت پاکستان میں انقلاب کی نوید بنتی ہے- اورنجانے ابھی اقبال کی خودی ایغو اور انا کو مستحکم کرنے والی بطلیت کا ظھورکن کن پیکروں میں ہوگا- یوں فردوسی کے تناظر تاریخ یا انسانی خودی کے مظاہرات سے اقبال کا کینوس زیادہ فراخ ہے مگر فردوسی کی تقدیم اقبال کی فکری بُنت کا ایک حصہ ہے فردوسی کے اسلوب نظر نے بھی سبک اقبال کی آب یاری کی ہے اور انسانی خودی کی پرتین کھولنے میں فردوسی اقبال کے لیے سامان فکر فراہم کرتا ہے- بال جبریل میں اقبال فردوسی ہی کے ایک شعر سے حفظ خودی کے معانی اخذ کرتے ہیں- اور فردوسی کے شعر کی تضمین کرتے ہوئے اس کی عظمت کے معترف ہوتے ہیں اقبال فرماتے ہیں-

خودی کو نہ دے سیم و زر کے عوض
نہیں شعلہ دیتے شرر کے عوض
یہ کہتا ہے فردوسی دیدہ ور
عجم جس کے سرمے سے روشن بصر
"زبہر درم تند و بدخو مباش
تو باید کہ باشی، درم گو مباش"

(۲)

اقبال فردوسی کو دیدہ ور کہتے ہیں اور اس کی عظمت کا اعتراف کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ عجم کی آنکھ اس کی بصیرت افروز شاعری سے روشن ہوئی ہے فردوسی اقبال کی نظر مین ایک ایسا شاعر ہے جو کسی بھی

زبان کا گل سرسبد، مایۂ افتخار اور وجۂ امتیاز ہوتا ہے جیسا کہ انوری نے کہا تھا کہ فردوسی خدائے سخن ہے اور وہ اس خدائے سخن کا معمولی بندہ ہے انوری جو خود قصیدے مین اپنی مثال آپ ہے اور فارسی شاعری نے جس سے بڑا شاعر کم کم پیدا کیا ہے جب خود فردوسی کے سامنے زانوئےتلمند طے کرتا ہے تو کسی اور کو دم مارنے کی کیا جرأت ہو سکتی ہے۔ علامہ ابن الایثر نے این کتاب مثل السائر کے اختتام میں فردوسی کا موازنہ عربی شاعری سے کرتے ہوئے لکھا ہے کہ

"عربی زبان باوجود اس وسعت و کثرت الفاظ کے شاہنامہ کا جواب پیش نہیں کر سکتی اور در حقیقت یہ کتاب عجم کا قرآن ہے۔" (۳)

علما نے مثنوی مولانا روم کو بھی در زبان پہلوی قرآن گیا ہے" مگر شکوہ زبان کے ساتھ ساتھ تفکر اور حکمت کا اعجاز مثنوی کی معنویت کو دو چند کرتا ہے جبکہ فردوسی کے ہاں زبان اور واقعات کا بیان جس معجزبیانی کے ساتھ سامنے آیا ہے اس نے ایرانی زبان میں شاہنامہ کو بھی یکتائے روزگار بنا دیا ہے۔ فارسی زبان میں ایک سے ایک بڑا شاعر اپنی زبان و بیان، فصاحت، بلاغت اور شکوہ و دبدبہ کے لحاظ سے موجود ہے، فردوسی اور رومی کے علاوہ انوری، سعدی، حافظ، عرفی ،بیدل، حکیم سنائیؒ، عمر خیام، جامی، نظامی گنجوی، فریدالدین عطار، قآنی، ابن یمین، ابوطالب کلیم، فغانی شیرازی، فیضی، نظیری، طالب آملی، غالب اور میرزا صائب ایسے شعرا ہین جو اتنی کثرت سے شاید دنیا کی کسی زبان میں بھی موجود نہیں بلکہ میں اگر یوں کہوں کہ شعر نے فارسی زبان میں اپنی معراج کو چھو ا ہے تو یہ اتنی ہی سچی بات ہوگی جتنی سچی بات یہ ہے کہ بلاغت مین عربوں کا کوئ ثانی نہیں اعجاز بیان میں فارسی زبان اپنی شیر ینی

میں دنیا کی شاید ہر زبان سے آگے ہے، فارسی زبان کی اس معجز بیانی میں فردوسی آسمان سخن کا شمس الدجیٰ ہے، بدر منیر ہے اور جیسا کہ کسی شاعر نے کہا ہے

در شعر سہ تن پیمبر انند
ہر چند کہ لانبی بعدی
ابیات و قصیدہ و غزل را
فردوسی و انوری و سعدی
(۴)

فردوسی نے ابیات کے فن میں فارسی شاعری کو اپنی انتہا تک پہنچا کر اسے حرف آخر بنا دیا۔ اقبال بھی فردوسی کی بلند قامتی کا اعتراف کرتا ہے۔ ڈاکٹر محمد ریاض نے اپنی کتاب "اقبال اور فارسی شعراء" (۵) مین فردوسی کے باب میں لکھا ہے کہ

"اکتوبر نومبر ۱۹۳۳ میں اقبال چند دن کے لئے افغانستان تشریف لے گئے جہاں وہ حکومت افغانستان کے مہمان تھے اور اس سفر کی یادگار ان کی پوری مثنوی مسافر اور بال جبریل کی چند نظمیں ہیں۔ غزنیؒ میں سلطان محمود کے مزار کی زیارت کے دوران میں اقبال کو خرابہ ہائے شہر میں شکوہ و جلال محمودیؒ کی یاد آئی" اور ضمناً مداحانِ دربار کی، جن میں فردوسی بھی شامل تھا اقبال اپنے خیالی سفر مین تاریخ گزشتہ کے دریچےمیں جھانک کر فرماتے ہیں:

نکتہ سنج طوس را دیدم بہ بزم
لشکر محمود را دیدم بہ رزم
دولت محمود را زیبا عروس
از حنابندانِ او دانائے طوس (۶)

نکتہ سنج طوس اور دانائے طوس سے مراد فردوسی ہے" مطلب یہ ہے کہ اقبال کی نظر میں فردوسی ایک بلند پایہ نکتہ سنج دانائے طوس تھا، ایرانی تہذیب اس کے سرمے سے روشن بصر ہوئی اس نے عجم کو اپنے شاہنامے کے ذریعے لا زوال زندگی عطا کی اور یوں وہ ابیات کا پیمبر کہلایا۔ مگر فردوسی کی عظمت صرف لطف بیان تک نہیں وہ اپنے اشعار میں انسانی عروج و زوال کی فلسفیانہ توجیہت بھی اس تاریخیت کے بیان میں کرتا ہے۔ اور یوں تاریخی واقعات کے بیان سے وہ ان معروضی اصولوں کا پتہ دیتا ہے جوکسی قوم کو عظمت اور کسی قوم کو ضلالت اور رذالت کی طرف لے جاتے ہیں۔ فردوسی نے گرچہ واضح طور پر یہ اصول نہین گنوائے مگر ہم فردوسی کے اشعار کے مطالعہ سے از خود ان اصولوں کی اس کے کلام سے تخریج کر سکتے ہیں۔

جیسا کہ آپ جانتے ہیں اقبال کے نزدیک تاریخ واقعات کا محض گراموفون ریکارڈ نیہں (۷) بلکہ انسانی علوم کے ماخذ کی حیثیت سے یہ بھی آیت الٰھی ہے قرآن تاریخ کو ایام اللہ سے تعبیر کرتا ہے (۸) تاریخ اقبال کی نظر میں ایک زندہ عضویہ ہے ایک زندہ حقیقت، قرآن کے نزدیک واردات علم کا ایک سر چشمہ۔ اقبال نے مذہبی مشاہدہ کے ساتھ ساتھ عالم فطرت اور عالم تاریخ کو بھی قرار دیا ہے (۹) کیونکہ عالم تاریخ کی اساس عقل اور تجربہ پر ہے۔ واقعات کے تناظر میں انسانی تجربے کا دوران انسان کو دوسرے انسانوں کے حوالے سے ان کے اعمال کے پس پردہ جاری تہیجات و تحریکات کا شعورعطا کرتا ہے اور انسان ان تجربات کے تواتر سے، اصول استقرار سے، جزئیات سے کلیات میں تعمیمات کرتے ہوئے انسانی کردار کے بہاؤ میں تواتر اور تسلسل کے اصول وضع کرتا ہے۔ یوں ہم عالم تاریخ سے

علم کی ایک نئ دنیا دریافت کرتے ہیں انسانی تاریخ میں گرچہ انسانوں کے اجتماعئ روّیے بھی منعکس ہوتے ہیں مگر تاریخ کی سٹیج پر جو کردار ابھرتے ہین ان کی نفسیاتی تشکیلات اور رویوں کی لاشعوری اور شعوری وارداتوں کے محرکات سے بھی آگاہی ہوتی ہے۔ یوں ہم فرد سے سماج یا اجتماع اور انفرادیت سے اجتماعیت کی طرف انسان کے سفر میں تاریخ سے اکتساب کرتے ہیں۔ اور تاریخ ہمیں تہذیبوں، تمدنوں اور ثقافتوں کی ساخت اور ان کے مٹ جانے کے اصولوں سے آگاہ کرتی ہے قرآن نے قوم عاد و ثمود، بنی اسرائیل اور ایسی ہی متعدد اقوام کے واقعات سے جس بصیرت سے بہرہ ور کرنے کی کوشش کی ہے اس کا تعلق عروج و زوال کی اسی جنگاہ سے ہے اس کی بنیادی تعلیم یہ ہے کہ اقوام و امم کا محاسبہ انفرادی اور اجتماعی دونوں لحاظ سے کیا جاتا ہے تاریخ اس بات پر استناد کرتی ہے کہ اقوام کو ان کی بد اعمالیوں کی سزا یہیں ملتی ہے جبکہ افراد کے لئے روز جزا مقرر ہے

تاریخ کے تناظر میں انسان فرد سے اجتماع کی طرف سفر کرتا ہوا اپنے تجربات کی گونا گونی سے ہمیں آگاہ کرتا ہے تاریخ کا معروض انسان ہے یوں تاریخ کا معروض ہمیں جس علم سے آگاہی دیتا ہے وہ ادراک بالحواس پر مشتمل ہونے کی وجہ سے تجربی اور سائنسی ہے اور وہ اپنی تعلیم میں آفاقی اور عالمگیر نتائج کا حامل ہے۔ اس کی مفرد مثالوں سے تعمیم کے ذریعے آفاقی اصول کی تخریج اسے استقرائ منطق پر استوار سائنس بنا دیتی ہے۔ اور اس کا علم دوسرے انسانی تجربوں یا دوسرے مفروضات کے علم کی طرح معتبر قرار پاتا ہے۔ قرآن مجید نے تاریخی تنقید کا یہ بنیادی اصول قائم کیا کہ بطور ایک علم، تاریخ کا دارومدار اس بات

پر ہے کہ اس کا مواد جن واقعات سے تیار کیا جاتا ہے ہمیں اس کی صحت کا یقین ہو اور یوں ہماری موضوعی نفسیاتی کیفیات میں واقعاتی حوالے سے معروضیت اور انفرادیت سے اجتماعیت وارد ہو جاتی ہے اور خودی اپنے اسرار کھوتی ہوئے بیخودی کی طرف اپنا رخت سفر باندھتی ہے۔

فردوسی نے بھی تاریخ کو علم کے سرچشمہ کی حثیت سے زمانے کی دست برد سے محفوظ کر دیا۔ شاہان ایران کی تاریخ ان کے عروج و زوال ان کی محبتوں اور نفرتوں، ان کی جنگوں اور صلح و آشتی کی باتوں کے تناظر میں ہمیں جو ادراک بالحواس ہوتا ہے اس سے استقرائی تعمیم کے ذریعے قوموں کے عروج و زوال کے معروضی اصول وضع کئے جا سکتے ہیں شاہنامہ کی اس عظیم داستان میں انسانوں کے موضوعی رویوں سے ان کی انفرادی نفسیاتی کیفیتوں اور وارداتوں سے ہم ایرانی قوم کی اجتماعی نفسیات اور معروضی رویوں کی شناخت کر سکتے ہیں، یوں یہ ساٹھ ہزار آشعار پر پھیلا ہوا شاہنامہ انسانی رویے کے انفرادی اور اجتماعی علم کےلئے ادراک بالحواس کا ایک وسیع دفتر ہے جو اپنی خوبصورتی اور رعنائی اظہار کے ساتھ ساتھ انسانی رویے کے انفرادی اور اجتماعی علم کا ایک نہایت ہی معتبر ذریعہ ہے۔ فردوسی کی تاریخ گوئی اس شاہنامے میں خود تاریخ کو ایک زندہ عضویہ یا زندہ حقیقت میں بدل دیتی ہے اور اظہار کا دھارا، بیان کا تسلسل اور واقعات کا کڑی کڑی آپس میں پیوست ہونا سارے عمل میں ایک وحدت کو جنم دیتا ہے اور یوں فردوسی کی زبان میں ایرانی قوم کی تاریخ ایک زندہ و پائیندہ عمل میں ڈھل جاتی ہے جہاں افراد سانس لیتے، باتیں کرتے، تیر زنی اور تیغ بازی کرتے ہوئے زندہ انسانوں کی طرح محسوس ہوتے ہیں فردوسی کی ندرت بیان نے ابلاغ کے کمالات کو اتمام

حجّت میں ڈھال دیا ہے اس سے تاریخ ہمارے لاشعور میں علم اور تجربے کا خود ہی حصہ بنتی چلی جاتی ہے۔ اقبال نے جس فلسفہ تاریخ کا ابلاغ دیا ہے وہ بیان فردوسی میں خود سمویا ہوا صاف نظر آتا ہے۔

فردوسی نے اقبال کے دوسرے اصول تاریخ کو بھی بہ تمام و کمال نبھایا ہے مولانا شبلی نعمانی کے بقول تمام تاریخی مواد سے استفادہ کیا (۱۰) اس کی چھان پھٹک کیْ ، واقعات کے تاریخی تسلسل کی جزئیات اکٹھی کیں اور واقعات کی صحت کا پوری طرح اہتمام کیا تا کہ مورخ ان واقعات کی حجیت کو چیلنج نہ کر سکے، بعض مافوق الفطرت یا مافوق الانسانی واقعات کے بیان کے سوا تاریخ کی صحت کہیں مجروح نہیں ہوئ بلکہ بعد کی تاریخوں نے بھی فردوسی کے علم تاریخ کی حجت پر صاد کیا یوں تاریخ کے بطور ماخذ علم ہونے اور واقعات تاریخ کی قطعیت کے بارے میں فردوسی اور اقبال میں اشتراک فکر موجود ہے اور فلسفہ تاریخ میں دونوں میں ایک ذہنی یکانگت پائ جاتی ہے

انسانی انا یا خودی کےلئے غیر متغیر اور اساسی خصائص کی موضوعی نفسیاتی بنیاد کے سلسلے میں بھی فردوسی اور اقبال کی مماثلت سے تاریخ کے ادراک بالحواس پر مشتمل معروضی تجربے تک ہم آہنگی سے خودی اقبال کے ہاں جس بے خودی کی طرف سفر کرتی ہے وہ بھی فردوسی کے ہاں مختلف کرداروں کے اجتماعی رویے سے تراشیدہ ہے مگر فردوسی کے ہاں یہ اجتماعیت ماضی کے منظر نامے میں بند ہے جبکہ اقبال کی تقدیری نظر اسے مستقبل کی جہت یا سمت کی طرف موڑ دیتی ہے اور وہ انسانی شخصیت کے سماجی اور عمرانی امکانات میں ایک نئے اجتماع نئے سماج نئے معاشرے اور نئ ریاسٹت کے پیکر میں ڈھلتا ہوا دیکھنا چاہتی ہے۔ اقبال

کی تاریخیت میں یہ انقلاب اقبال کے تصور نبوت سے پیدا ہوا، جو ایک صوفی اور ایک نبی کے روحانی تجربے کی نوعیتوں کے اختلاف سے اقبال نے ظاہر کیا مولانا عبدالقدوس گنگوہی نے کہا تھا کہ "محمد (ص) عربی بر فلک الافلاک رفت و باز آمد۔ و اللہ اگر من رفتمی ہر گز باز نیامدے" (۱۱)اقبال کہتا ہے کہ صوفی اپنے روحانی تجربے کی سرشاری میں اتحاد کی جس لذت سے شاد کام ہوتا ہے اس سے باہر آنا پسند نہیں کرتا کیونکہ صوفی کےلئے تو لذت اتحاد ہی آخری چیز ہے جبکہ نبی کی باز آمد تخلیقی ہوتی ہے وہ اس واردات سے واپس آتا ہے تو اس لئے کہ زمانے کی رو میں داخل ہو جائے اور پھر ان قوتوں کے غلبہ و تصرف سے جو عالم تاریخ کی صورت گر ہیں مقاصد کی ایک نئ دنیا پیدا کرے۔ لہذا نبی کا مشاہدہ باطنی صورت گر انقلاب ان معنوں میں ہوتا ہے کہ وہ سماج، معاشرہ اور ریاست کی نئے مقاصد کے تحت تنظیم کرتا ہے اور یون یہ انفرادی تجربہ نئے اجتماعی قالب مین اپنا ظہور سامنے لاتا ہے۔ اور انسانوں کے لئے نئے عمرانی اور سماجی انقلاب کی نوید بنتا ہے۔ قرآن جو نبی کے روحانی تجربے، عالم فطرت کے احوال کے مطالعے اور تاریخ کی صورت میں انسان کے انفرادی اور اجتماعی رویوں سے آگاہی کا خزینہ ہے اقبال کے ہاں اپنے اپنے تینوں خواص کی بنا پر سرچشمہ علم ہے جو استقرائ تعمیمیت کے ذریعے ہمیں ہر زمان اور مکان میں ایسی حکمت و بصیرت سے شاداب کرتا ہے جس سے ہم اپنے انفرادی اور اجتماعی رویوں کی تشکیل کےلئے رہنمائ حاصل کرسکتے ہیں یہاں اقبال فردوسی سے بڑی ہی مختلف سمت میں اپنی شناخت کراتا ہے اور اگر سچ پوچھیے تویہاں اقبال کا شعور مثنوی مولوی معنوی کے شعور و حکمت دین سے قربت حاصل کرتا ہے اور فرد سے اجتماع تک انسانی رویوں کی مختلف تشکیلات میں مرید ہندی پیر رومی سے

صدیوں بعد اپنا رشتہ جوڑتا ہے جو رومی کے بعد ہمیں اردو یا فارسی شاعری میں کہیں نظر نہیں آتا، فکر رومی کی رونیدگی فکر اقبال مین صدیوں کے بُعد کے باوجود ہمکنے لگتی ہے اور قرانی حکمت کی جو تفہیم رومی نے مثنوی مین ظاہر کی تھی وہ اقبال کے شعر و فلسفہ میں ابلاغ پاتی ہوئ نظر آتی ہے، مصری عالم ڈاکٹر عبدالوہاب عزام نے کہا تھا کہ "اگر جلال الدین رومی اس زمانے میں جی اٹھیں تو وہ محمد اقبال ہی ہوں گے۔ ساتویں صدی کے جلال اور چودھویں صدی کے اقبال کو ایک ہی سمجھنا چاہیے"۔ (۱۲)

میری نظر میں اقبال فکر رومی کا تکملہ ہے رومی کی حکیمانہ روایت کی اقبال توسیع ہے عصر حاضر میں یہ رومی کا نیا ظہور ہے۔ پیر رومی کی تفہیم دین مرید ہندی میں اس طرح ظاہر ہوئ کہ حکمت قرآنی پورے فلسفیانہ نظام میں نمودار ہوئ اقبال نے حضرت مجدد کے اتباع میں اسلام کی حکمت سے انسانی انا یا خودی کا تصور کشید کر کے خدا اور بندے میں تعلق کی نئ جہتیں دریافت کیں اور رموز بے خودی مین اس خودی کو ایک ایسی معاشرتی اور عمرانی اٹھان دی جو اسلام کی ریاست کےلئے ایک انقلابی اساس فراہم کرتی ہے جس میں تمیز آقا و بندہ حرام ہو جاتی ہے جس ریاست کے تمام افراد عدل و احسان کی تصویر ہوتے ہیں جہاں افراد اپنے معاشرہ یا ریاست کی بقا اور ترقی کےلئے سرگرم ہوتے ہیں اور ریاستافراد کےلئے نخچیر بننے کی بجائے ان کی وہبی صلاحیتوں کی تعمیر کا یارا کرتی ہے۔ اقبال کے ہاں فرد ریاست کا یا ریاست فرد کی دشمن نہیں بلکہ ایک دوسرے کی تعمیر و ترقی کے لئے اساس فراہم کرنے والے ہیں بلکہ یورپی فلاسفہ مثلاً کامت، فشتے اور سارتر سماج کو فرد کا اور فرد کا سماج کو

دشمن ثابت کرنے پر ادھار کھائے بیٹھے ہیں۔ سارتر نے تو اپنی وجودیت کی اساس ہی دوسرے آدمی کے وجود کے جہنم ہونے پر استوار کی (۱۵) یورپی تہذیب میں انسان دوستی کی بجائے مردم بیزاری کی روئیں ان ہی فلاسفہ سے پھوٹی ہیں اور یہ سارا کشت و خون جو پوری دنیا میں اس وقت ہو رہا ہے یہ مغربی تہذیب ہی کا برگ و بار ہے کہ اس کی اساس ہی مسیحی تصوریت کے اس خیال پر ہے کہ انسان پیدائیشی طور پر گناہ گار ہے جبکہ اسلام یہ کہتا ہے کہ ہر انسان فطرتاً معصوم ہے وہ خدا کی فطرت پر پیدا ہوتا ہے یہ اس کے ماں باپ، معاشرہ یا گرد و پیش ہے جو اسے گناہ کی دلدل میں دھکیل دیتا ہے۔ یہاں جملہ معترضہ کے طور پر عرض کرنا چا ہوں گا کہ یورپ کا یہ پراپیگنڈہ ہے کہ دنیا میں مذہب کے نام پر جس قدر کشت و خون ہوا ہے وہ اتنا زیادہ ہے کہ کسی اور وجہ سے اتنا قتل نہیں ہوا مگر میں کہتا ہوں کہ یورپ کے نسلی تفاخر، ہوس زرگری اور وطنی نیشلزم نے گزشتہ صدیوں سے جوغارت گری پہلی اور دوسری جنگ عظیم کی صورت میں کی ہے مذہب کے نام پر ہونے والی خون ریزی اس کا عشر عشیر بھی نہین آج بھی ناگا ساکی اور ہیرو شیما سے یورپی نسل پرستی کا دھواں اٹھ رہا ہے، تجارت کے نام پر اور ہوس ملک گیری اور اپنے نسلی تفاخر کے سبب انہوں نے پوری دنیا میں تباہی و بربادی کے دام بچھا رکھے ہیں۔ قبرص، کشمیر، فلسطین اور خلیج سے اب بھی انسانی خون کی بو آرہی ہے عالم اسلام کے مختلف حساس دہانوں پر یہ ٹائم بم کس نے رکھے ہوئے ہین جمہوریت، آزادی، انسانی حقوق اور انسان دوستی کے نعرے لگانے والے یہ مغربی بھیڑے کیوں ان کو استصواب رائے کا حق نہیں دلاتےبات اصل یہی ہے کہ "بہر تقیسم قبور انجمنے ساختہ اند" (۱۶) یہ اہل مغرب یہ ہنود یہود مسلمانوں کی نشاۃ ثاینہ کے ہر خواب کو پریشان کرنے کے لئے متحد ہو

جاتے ہیں مگر گراں خواب چینی تو سنبھل گئے ہیں خفتہ بخت مسلمان حضرت مسیح (ع)کی بھیڑوں کی طرح بکھرے ہوئے ہیں اور ان کو سوئے قطار کھینچنے والی قیادت پورے عالم سلام میں ابھی ناپید ہے مگر اقبال اپنی کشت ویران سے نا امید نہیں اس لئے کہ جونہی اس مٹی میں نم پیدا ہوا تو اس کی زرخیزی ضرور لالہ و گل کے ہلہلانے کے اسباب پیدا کرے گی۔

جیسا کہ میں نے اوپر عرض کیا ہے کہ فردوسی کی نظر تاریخی تھی اور اقبال کی تقدیری نظر تھی۔ فردوسی کا سفر ماضی کو معتبر و مشہود کرنے کی طرف نمایاں تھا اور اقبال کی تقدیری نظر مستقبل پرتھی یوں ہماری قومی اور ملّی روایت کو ماضی میں نمایاں کرنے کا منصب فردوسی کا تھا اور ہماری اسی ملّی روایت کو حال اور مستقبل میں نمایان کرنا اقبال کا منصب ہے یوں ہماری روایت کی عظمت کا تسلسل فردوسی سے اقبال تک کا سفر ہے، فردوسی کی روایت میں رستم و سہراب جیسے بطل جلیل گذرے اور اقبال کی روایت مین قائداعظم جیسے بطل جلیل برصغیر میں پیدا ہوئے اور ابھی گنبد نیلوفری کیا کیا رنگ بدلتا ہے امکانات کن کن ظہورات میں نظر آئیں گے اقبال کے امکانات کا جہان زیادہ وسیع و فراخ ہے۔ اقبال نے اسلام کی حکمت کے ذریعے عصر حاضر کےلئے جو نظام حیات متشخص کیا وہ بھی ابھی پردۂ امکان میں ہے۔ ابھی اس کی سحر بے حجاب نہیں ہوئ (۱۷)لیکن اقبال کے انقلابی ترانوں نے جس طرح لاہور سے تا خاک بخارا و سمرقند اک ولولہ تازہ دیا اور نیل کے ساحل سے لیکر تابخاک کاشغر مسلمانوں کو حرم کی پاسبانی کے لئے اکٹھا ہونے کا داعیہ اور تہران کو عالم مشرق تا کا جنیوا قرار دے کر کرہ ارض

کی تقدیر بدلنے کا سبق دیا اگر آپ خاک نیل سے کاشغر تک ایک خط دنیا کے نقشے پر کھینچ دیں اور لاہور سے سمرقندو بخارا تک دوسرا خط کیھنچ دین تو اقبال کا عالم نو، عالم اسلام کی صورت میں پردہ تقدیر سے بے حجاب ہو کر سامنے آ جائے گا اور ایک نئے اسلامی دنیا کے وفاق کو آپ دنیا کے نقشے پر دیکھیں گے، افغانوں کے اسلامی انقلاب نے اسلامی ترکستان میں اضطراب کی جس لہر کو جنم دیا ہے اس کے اثرات کشمیر پر بھی مرتب ہو رہے ہیں یہ بھی اقبال نے کہا تھا کہ جب وسط ایشیا میں تحریکیں برپا ہوں گی تو کشمیر میں بھی انقلاب انگڑائے گا۔ پس لازم ہے کہ اقبال کی یہ پیش گوئ بھی پوری ہو کہ کشمیر آزاد ہو اور لازم ہے کہ تہران عالم مشرق کا جینوا بنے اور اسے متحدہ اسلامی دنیا کے مرکز کی حیثیت حاصل ہو،پورے عالم اسلام میں خود شناسی کا طوفان اٹھ رہا ہے اسلامی تشخص کی موج تُند جولاں اسی دنیا سے اٹھےگی اور مغربی اور اشتراکی نہنگوں کے نشیمن اس سے تہ و بالا ہوں گے (۲۰) اقبال نے ہمارے لئے لازم قرار دیا تھاکہ اپنے اندر آئینہ ضمیری پیدا کریں اور سلطانی و ملائ و پیری کے امراض کہنہ سے خود کو بچائین اور عالم اسلام میں روح اسلام کے پیش نظر اپنے ہاںتمدنی ثقافتی تہذیبی، عمرانی، معاشرتی اور جمہوری ادارے تشکیل دیں اور اپنے اپنے ہاں ان اداروں کی ایسی تشکیلات کریں کہ جدیدیت کے ساتھ ساتھ ان میں اسلام کی روح واضح طور پر محسوس ہو۔ اقبال نے موجودہ حالات میں مسلمانون کےلئے مقدر کیا کہ

"بحالت موجودہ تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ امم اسلامیہ میں سے ہر ایک کو اپنی ذات میں ڈوب جانا چاہیے اپنی تمام توجہ اپنے آپ پر مرتکز کر دیں حتی کہ ان سب میں اتنی طاقت پیدا ہو جائے کہ با ہم ملکر اسلامی

جمہوریتوں کی ایک برادری کی شکل اختیار کر لیں"(۲۱)

یہ نیل سے تابخاک کاشغر اور نیل سے لاہور اور لاہور سے سمرقند و بخارا تک پھیلی ہوئی سر زمین جب باہم اسلامی جمہوریتوں کی برادری کی شکل اختیار کر کے ایک نئی قوت بن کر ابھرے گی اس دن دنیا امن اور تہذیب کا گہوارہ بن جائے گی اور عالم اسلام اپنی نشاۃ ثانیہ کی منزل پا کر انسانیت کےلئے فوز و فلاح کی ایک نئی تاریخ مرتب کرے گا، یہ ہے اقبال کا خواب لحظہ لحظہ اپنی تعبیر پانے کےلئے بےتابانہ بڑھ رہا ہے، اور پوری ملت اسلامیہ کو چاہیے کہ اس کو اپنی منزل قرار دے لیں اقبال نے اسی اسلامی جمہوریتوں کی برادری یا وفاق کےلئے اجتہاد اور نئی فقہ اسلامی کی تشکیل کو لازم قرار دیا تھا تا کہ اسلام مادہ پرستانہ سرمایہ داریت اور اشتراکیت کے بعد بطور ایک نظام حیات کے قوموں کی امامت کا منصب ادا کرے، اور تہذیب انسانی انسانیت کے لئے پھر بار آور ہو-

مجھے اعتراف ہے کہ یہ مضمون قدرے لمبا ہوگیا ہے انسانی سیرت و کردار کی تشکیل کےلئے غیر متغیر اساسی خصائص اور دوسرے فردوسی اقبال کے تصور تاریخ کی مماثلت کے بعد جو ایک اور اہم مماثلت دونوں کے درمیان موجود ہے وہ شعری سرمایے میں فلسفیانہ اصطلاحات کی ساخت ہے اگرچہ اس کے بیان کےلئے بھی ایک پورا مقالہ چائیے تا ہم مختصراً میں یہ عرض کروں گا کہ فلسفیانہ اصطلاحات کا فارسی میں کوئی تصور نہ تھا ۔ اس لئے کہ فارسی زبان پر پہلے قصیدے کی حکمرانی تھی- فارسی شاعری اس وقت تک قالب بے جان تھی جب تک اس میں تصوف کا عنصر شامل نہیں تھا شاعری اصل میں اظہار جذبات کا نام ہے تصوف سے پہلے جذبات کا سرے سے وجود ہی نہ تھا قصیدہ مداحی اور خوشامد کا نام تھا مثنوی

واقعہ نگاری تھی اور غزل قدح و گیسوئے یارتک محدود تھی فارسی شاعری میں سب سے پہلے صوفیانہ خیالات حضرت سلطان ابوسعید ابوالخیر نے ادا کئے جو شیخ بو علی سینا کے معاصر تھے۔ فارسی شاعری میں تصوف کی آمد کے ساتھ فلسفہ بھی در آیا بقول مولانا شبلی نعمانی فلسفہ شاعری میں تصوف کی راہ سے آیا جب ہستی مطلق، وحدت وجود، فنا بقا جیسے مسائل کا بیان فارسی میں تصوف کے زیر اثر شروع ہوا (۲۳) وہ لوگ جو صاحب حال نہ تھے اور وہ مکاشفہ اور حال کی زبان کے معارف نہ جانتے تھے انہوں نے فلسفے کا سہارالیا اور یوں فلسفہ فارسی زبان پر بالخصوص شاعری پر چھا گیا، فارسی زبان میں اسی زمانے مین بوعلی سینا نے بھی فلھسفیانہ کام کرنے کی کوشش کی (۲۴) مگر وہ عربی اصطلاحات کو فارسی فلسفے مین لانے پر مجبور ہو گیا مگر فردوسی کی قدرت زبان کا یہ عالم تھا کہ ساٹھ ہزار اشعار میں عربی الفاظ کا ذخیرہ اتنا بھی نہیں جتنا آٹے میں نمک ہوتا ہے فردوسی نے اپنے شاہنامے کے آغاز مین مخلوقات کی پیدائش اور عناصر کے وجود کے حوالے سے فلسفیانہ اصطلاحات کو فارسی زبان میں اس خوبصورتی سے بیان کیا ہے کہ فارسی زبان اس پر ناز کرسکتی ہے۔ ان اصطلاحات میں سرمایہ ، مادہ، گوہر توانائ وجود، عنصر، آرام، سکون، فنا، تغیر، حرکت اور ترک بالاارادہ وغیرہ جیسی متعدد اصطلاحات فلسفہ و ضع کی گیئ۔ فردوسی نے نہ صرف یہ فلسفیانہ اصطلاحات وضع کیں بلکہ ان اصطلاحات کے حوالے سے فلسفیانہ مضامین کا ابلاغ بھی شاہنامہ میں ہوا۔ اقبال نے عصر حاضر میں اپنے نظریاتی اور فکری مضامین اور پیغام کے ابلاغ میں اردو کا دامن تنگ پایا اور فارسی کو اپنے مضامین کے اظہار کےلئے جو پسند کیا تو اس کا سبب یہی تھا کہ فارسی میں وہ اصطلاحات فلسفہ اپنے پورے ابلاغ کے ساتھ موجود تھیں جو

اقبال کا پیش رو ہے اقبال کو فارسی زبان میں اپنے مضامین کے ابلاغ کےلئے دوسرے ممتاز فارسی شعرا کے ساتھ فردوسی نے بھی فلسفیانہ اصطلاحات کا وسیع و عریض ذخیرہ فراہم کیا، یہ فردوسی اور ان جیسے شعرا ہی کا کمال ہے کہ انہوں نے اقبال جیسے عظیم مفکر اور انقلابی کو جنم دیا ورنہ اردو کی طرح فارسی کا دامن بھی اقبال کےلئے اپنے گھرے فکری مضامین کے ابلاغ کےلئےتنگ ہوتا اگر فردوسی اور ان جیسے دیگر فلسفیانہ زبان رکھنے والے شعرا فارسی زبان میں موجود نہ ہوتے۔

علامہ اقبال اور فردوسی میں جو تین فکری مماثلتیں یہاں بیان کی گئ ہیں ان میں انسانی شخصیت و کردار کے غیر متغیر اور اساسی خصائص اور بطلیت کا بیان ہے تو دوسرا تاریخ کی ان دونوں کے فکر و بیان میں اہمیت ہے تیسرے دونوں کا فلسفیانہ لہجہ اور شاعری میں فلسفیانہ اصطلاحات سازی کا رویہ ہے۔ جس سے دونوں کے مضامین، بیان اور اسلوب میں گہرائ اور بلندی پیدا ہوئ فردوسی کی نظر پر تاریخیت غالب تھی جبکہ اقبال کی تقدیری نظر مستقبل ساز تھی اور انہوں نے اپنی بطلیت کاظہور امکان آئیندہ میں تلاش کیا، اور اسلام کو ایک نظریہ زندگی اور نظام حیات کی صورت میں پیش کر کے اسلامی نشاۃ ثانیہ کا خواب دیکھا یہی اقبال کی اختصاصی حیثیت تھی جس پر جناب آقائ علی خامنہ ای نے انہیں مشرق کا بلند ستارہ کہا اور علی شریعتی نے علی (ض) گونہ تصور کیا اور اقبال نے عصر حاضر میں چونکہ شرح آئین پیمبر کو آشکارہ کرنے کا سامان کیا چنانچہ ملک الشعراء بہار نے عصر حاضر کو اقبال سے منسوب کر دیا کہ

قرن حاضر خاصہ اقبال گشت (۲۵)

حواشی

۱- علامہ محمد اقبال تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ بزم اقبال لاہور ۱۹۸۳ء ص ۱۸۹

۲- علامہ محمد اقبال، بال جبریل ص ۲۱۳

۳- علامہ ابن الاثیر، مثل السائر بحوالہ شعرالعجم جلد اول دارالمصنفین اعظم گڑھ ۱۹۳۰ء ص ۱۳۹

۴- بحوالہ شعرالعجم جلد اول ص ۱۳۹

۵- ڈاکٹر محمد ریاض، اقبال اور فارسی شعراء اقبال اکادمی پاکستان لاہور ۱۹۷۷ ص ۵۶

۶- علامہ محمد اقبال کلیات اقبال فارسی ص ۸٦۸

۷- علامہ محمد اقبال شذ رات فکر اقبال مرتبہ ڈاکٹر جاوید اقبال ترجمہ ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی لاہور ص ۲۱۲

۹- ایضاً ص ۱۳۳

۱۰- مولانا شبلی نعمانی، شعرالعجم، دارالمصنفین اعظم گڑھ ص۱۳۳

۱۱- علامہ محمد اقبال، تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ بزم اقبال لاہور ۱۹۸۳ ص ۱۸۸

۱۲- ڈاکٹر سلیم اختر اقبال،ممدوح عالم مجلس ترقی ادب لاہور ۱۹۷۸ ص ۳۷۸

۱۳- ایضاً

۱۴- ڈاکٹر وحید عشرت، فلسفہ اقبال کے ماخذ و مصادر، اقبالیات (اردو) اقبال اکادمی شمارہ جنوری ۱۹۸۸ء ص ۳۹۱

۱۵- دوسرے آدمی کا وجود جہنم ہے دیکھیے وجودیت مرتبہ جاوید اقبال ندیم مین ڈاکٹر وحید عشرت کا مضمون ژان پال سارتر

۱۶- من ازین بیش ندانم کہ کفن د زدے چند

بہر تقسیم قبور انجمنے ساختہ اند

(کلیات اقبال فارسی، پیام مشرق ص ۲۳۳)

۱۷- عالم نو ہے ابھی پردہ تقدیر میں

میری نگاہوں میں ہے اسکی سحر بے حجاب

(کلیات اقبال اردو ص ۱۰۰)

۱۸- اک ولولہ تازہ دیا میں نے دلوں کو

لاہور سے تا خاک بخارا و سمرقند

(کلیات اقبال اردو ص ۳۱۳)

۱۹- ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے

نیل کے ساحل سے لے کر تابخاک کاشغر

(کلیات اقبال (اردو) ص ۶۳۱)

۲۰- اسی دریا سے اٹھتی ہے وہ موج تند جولان بھی

نہنگوں کے نشیمن جس سے ہوتے ہیں تہ و بالا

(کلیات اقبال (اردو) ص ۳۹

۲۱- علامہ محمد اقبال، تشکیل جدید الہیات اسلامیہ بزم اقبال لاہور ص ۲۳۵، ۲۳۶

۲۲- مولانا شبلی نعمانی شعراعجم ص ۱۲۰

۲۳- ایضاً ص ۱۳۵

۲۴- ایضاً ۱۳۱

۲۵- ملک الشعرا بہار کا علامہ اقبال کی وفات پر خراج تحسین ڈاکٹرخواجہ حمید عرفانی اقبال ایرانیوں کی نظر میں اقبال اکادمی پاکستان ۱۹۵۷ء ص ۳۲

❀ ❀ ❀ ❀ ❀

بزم اقبال کی ۱۹۸۸ء میں شائع شدہ مطبوعات

۱ - تذکار اقبال	محمد عبداللہ قریشی	۴۵/-
۲ - اقبالیات کی مختلف جہتیں	یونس جاوید	۷۵/-
۳ - علامہ اقبال	مجتبیٰ مینوی ، مترجم صوفی تبسم	۳۵/-
۴ - منشورات اقبال	مرتبہ بزم اقبال	۳۵/-
۵ - اقبال پر تحقیقی مقالے	ڈاکٹر صدیق جاوید	۵۵/-
۶ - فکر اقبال	ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم	۱۰۰/-
۷ - اقبال کا فارسی کلام —ایک مطالعہ	رفیق خاور	۸۰/-
۸ - علامہ اقبال اور ان کے بعض احباب	محمد صدیق	۵۵/-
۹ - تلخیص خطبات اقبال	ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم	۴۵/-
۱۰ - اقبال—احوال و آثار—چند پہلو	ڈاکٹر محمد باقر	۲۵/-
۱۱ - اقبال شناسی اور ذوالیو	ڈاکٹر طارق عزیز	۲۵/-
۱۲ - اقبال شناسی اور کریسنٹ	بیدار ملک	۲۵/-
۱۳ - اقبال شناسی اور نخلستان	ڈاکٹر طاہر تونسوی	۲۵/-
۱۴ - اقبال شناسی اور افشاں	بیدار ملک	۲۵/-
۱۵ - اقبال شناسی اور فاران	بیدار ملک	۲۵/-

ملنے کا پتہ

بزم اقبال ، کلب روڈ ، لاہور

بزم اقبال کی ۱۹۸۹ء کی شائع شدہ مطبوعات

نمبر	کتاب	مصنف	قیمت
۱	اقبال اور مشرق و مغرب کے مفکرین	ڈاکٹر عشرت حسن انور	۵۵/-
۲	اقبال اور مغربی استعمار	پروفیسر انور رومان	۲۵/-
۳	علامہ اقبال اور خلیفہ عبدالحکیم کے تصورات عمرانی (جلد اول)	ڈاکٹر وحید عشرت	۱۰۰/-
۴	اقبال ، اسلامی تصورات اور عصر حاضر	ڈاکٹر محمد یوسف گورایہ	۲۵/-
۵	خلافت اسلامیہ	ڈاکٹر محمد اقبال	۲۵/-
٦	Cultural Images in Post Iqbal World	Gilani Kamran	۹۰/-
۷	اقبال شناسی اور ادبی دنیا	ڈاکٹر انور سدید	۹۰/-
۸	اقبال شناسی اور فنون	ڈاکٹر سلیم اختر	۹۰/-
۹	اقبال شناسی اور سیارہ	جعفر بلوچ	۹۰/-
۱۰	اقبال شناسی جنرل ریسرچ	ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی	۹۰/-
۱۱	اقبال شناسی اور اوراق	ڈاکٹر انور سدید	۹۰/-
۱۲	اقبال شناسی اور سویرا	ڈاکٹر اجمل نیازی	۹۰/-
۱۳	اقبال شناسی اور محمل	ڈاکٹر شمیم ملک	۲۵/-
۱۴	اقبال شناسی اور محور	ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی	۲۵/-
۱۵	اقبال شناسی اور بلوچستان کالج میگزین (جلد اول)	ڈاکٹر انعام الحق کوثر	۲۵/-
۱٦	اقبال شناسی اور بلوچستان کالج میگزین (جلد دوم)	ڈاکٹر انعام الحق کوثر	۲۵/-
۱۷	اقبال شناسی اور مجلہ ساہی وال	ڈاکٹر سعادت سعید	۲۵/-
۱۸	اقبال شناسی اور النخیل	ڈاکٹر طاہر تونسوی	۲۵/-

بزم اقبال کی ۱۹۹۰ء کی شائع شدہ مطبوعات

۱ - نقشی از اقبال	ڈاکٹر شہین دخت صفیاری	۳۰/-
۲ - Vistors of the Quaid-i-Azam	Prof. Ahmad Saeed	۱۵۰/-
۳ - اقبال شناسی اور راوی	رانا جہت علی خان	۹۰/-
۴ - اقبال شناسی اور نوید صبح	زاہد منیر عامر	۹۰/-

مجلہ اقبال

اکتوبر ۱۹۹۰ء کا خصوصی شمارہ

اقبال نمبر

تین سو صفحات پر مشتمل ایک اہم دستاویز جس میں علامہ اقبال کے بعض نادر خطوط اور دوسری اہم تحریریں شامل ہوں گی۔

قیمت خصوصی شمارہ : ۲۵ روپے

بزم اقبال کی درسی کتابیں

۱ - فکر اقبال	ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم	۱۰۰/-
۲ - تلخیص خطبات اقبال	ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم	۴۵/-
۳ - تلمیحات اقبال	سید عابد علی عابد	۹۰/-
۴ - عروج اقبال	ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی	۱۱۰/-
۵ - منشورات اقبال	بزم اقبال	۳۵/-

(زیر طبع)

۶ - اقبالیات ایم اے (فارسی)	ڈاکٹر خواجہ عبدالحمید یزدانی
۷ - درسیات اقبال برائے بی اے آنرز (فارسی)	ڈاکٹر خواجہ عبدالحمید یزدانی
۸ - تشریحات اقبال برائے بی اے اختیاری (فارسی)	ڈاکٹر خواجہ عبدالحمید یزدانی
۹ - شرح منظومات اقبال برائے ایم اے (اردو)	محمد شریف بقا
۱۰ - مفاہیم اقبال (دو جلد) برائے بی اے (اردو)	ڈاکٹر اختر جعفری
۱۱ - فکر اقبال (نستعلیق کمپیوٹر)	ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم
۱۲ - شعر اقبال (,,)	سید عابد علی عابد

بزم اقبال ○ لاہور

مجلس ترقی ادب لاہور کی چند اہم مطبوعات

١ ۔ تاریخ ادب اردو : جلداول ، از ڈاکٹر جمیل جالبی ... -/100
٢ ۔ تاریخ ادب اردو : جلد دوم ، از ڈاکٹر جمیل جالبی ... -/180
٣ ۔ تعلیقات خطبات گارسیں دتاسی :
از ڈاکٹر سید سلطان محمود حسین ... -/70
٤ ۔ سندھ میں اردو شاعری : از ڈاکٹر نبی بخش بلوچ ... -/30
٥ ۔ زبان اور شاعری : از محمد ہادی حسین ... -/15
٦ ۔ البدیع : از سید عابد علی عابد ... -/30
٧ ۔ مقالات تاثیر : مرتبہ ممتاز اختر مرزا ... -/60
٨ ۔ مولانا ظفر علی خاں — احوال و آثار :
از ڈاکٹر نظیر حسنین زیدی ... -/50
٩ ۔ تاریخ لاہور : از کنہیا لال ... -/70
١٠ ۔ حلقۂ ارباب ذوق : از یونس جاوید ... -/45
١١ ۔ دیوان غالب — منظوم پنجابی ترجمہ : از اسیر عابد ... -/90
١٢ ۔ کلیات ناسخ : جلد اول ، مرتبہ یونس جاوید ... -/93
١٣ ۔ نفسیاتی تنقید : از ڈاکٹر سلیم اختر ... -/60
١٤ ۔ آغا حشر کے ڈرامے : جلد اول ، مرتبہ عشرت رحمانی ... -/70
١٥ ۔ جدید فارسی شاعری : ترجمہ از ن ۔ م ۔ راشد ... -/50
١٦ ۔ شذرات فکر اقبال : طبع دوم
ترجمہ از ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی ... -/18
١٧ ۔ خطبات اقبال : (پنجابی ترجمہ) از پروفیسر شریف کنجاہی .. -/30
١٨ ۔ جاوید نامہ : (منظوم پنجابی ترجمہ)
از پروفیسر شریف کنجاہی ... -/19
١٩ ۔ ذکر رسول ؐ — مثنوی رومی میں :
از ڈاکٹر خواجہ حمید یزدانی ... -/25

ان کے علاوہ کلیات میر ، کلیات مصحفی ، کلیات غالب فارسی، تذکرے ، داستانیں اور تنقید و تحقیق کی اہم کتابیں دستیاب ہیں ۔

مجلس ترقی ادب ۔ کلب روڈ ۔ لاہور

فون : 364824